Vol. I No. 8

# THE HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

## OFFICIAL REPORT OF THE PROCEEDINGS

OF

## The Eleventh Day of the First Session of the First Legislative Assembly

*Friday, the 4th April, 1952*

*Price: Eight Annas.*

GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD-DN.
1952

## CONTENTS


| | | PAGE |
|---|---|---|
| 1. | Committee on Public Accounts ... ... ... | 289 |
| 2. | Committee on Estimates ... ... .... ... | 289 |
| 3. | L.A. Bill No. III of 1952—A Bill to provide for the Salaries of the Speaker and the Deputy Speaker ... ... ... | 290 |
| 4. | L.A. Bill No. IV of 1952—A Bill to amend the Hyderabad Municipal Corporations Act, 1950 ... ... ... | 295 |
| 5. | L.A. Bill No. V of 1952— A Bill to repeal the Security Regulation, 1358 F. ... ... ... ... ... | 298 |
| 6. | Allotment of time for discussion on the Motion for Address of Thanks to the Rajpramukh ... ... ... ... | 301 |
| 7. | General discussion on the Motion for Address of Thanks to the Rajpramukh ... ... ... ... ... | 311 |

*Participants.*

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Shri Pratap Reddy ... ... ... ... | 311 |
| 2. | „ Daver Hussain ... ... ... ... | 314 |
| 3. | „ V.D. Deshpande ... ... ... ... | 320 |

# LEGISLATIVE ASSEMBLY

## ELEVENTH DAY

*Friday, 4th April, 1952.*

The Assembly met in the Assembly Hall, Public Gardens, at Nine of the clock, Mr. Speaker (The Hon'ble Shri Kashinath Rao Vaidya) in the Chair.

## COMMITTEE ON PUBLIC ACCOUNTS.

*Mr. Speaker* : The first item on the agenda is the declaration of results of Elections to the Public Accounts Committee.

The Hon'ble Members that have been elected are :

1. Shri Ankush Rao.
2. Shri M.B. Gautam.
3. Shri P. Hanumanth Rao.
4. Shri Mallappa Kolur.
5. Shri G. Sriramulu.
6. Shri Guruva Reddy.

These are the six elected members to the Public Accounts Committee.

## COMMITTEE ON ESTIMATES.

The second item on the agenda is the declaration of results of elections to the Committee on Estimates. Those elected are :

1. Shri M. Narasing Rao.
2. Shri Laxman Konda.
3. Shri Laxminivas Ganeriwal.
4. Shri K. R. Veeraswami.
5. Shri V. D. Deshpande.
6. Shri A. Rajareddy.
7. Shri Annaji Rao Gavane.

These are the seven members elected to this Committee.

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao* (Chief Minister): Speaker, Sir, I just rise to congratulate the members elected on the two Committees, especially because these two Committees will be very important Committees of the House. These two Committees will be in charge of regulating the finances of the State from this end, that is, the Assembly. I, therefore, heartily congratulate them and I do hope that, with the help of these two Committees, it will be possible for the Government to regulate the expenditure as well as the income of the State, in a manner which will be satisfactory to the people of the State. Thank you, Sir.

*Mr. Speaker* : In fact, the House should have cheered when the results were declared.

*Shri V.D. Deshpande* (Ippaguda) : Speaker, Sir, I too would extend my congratulations to all the members elected and, of-course, on my own behalf, I thank the Hon'ble Members for having elected me. I reciprocate the sentiments expressed by the Hon'ble the Chief Minister and I hope it will be possible for us to go into all the details of the administration as it exists and effect economy in order to see that it really becomes a people's budget.

## L.A. Bill No. III of 1952, A Bill to provide for the salaries of the Speaker and the Deputy Speaker.

*Mr. Speaker* : The next item on the agenda is : The Hon'ble Shri Jagannath Rao Chandarki to introduce the L.A. Bill No. III of 1952: A Bill to provide for the salaries of the Speaker and the Deputy Speaker of the Hyderabad Legislative Assembly and for matters connected therewith.

As this bill has been published in the Gazette Extraordinary, no formal leave to introduce is necessary and I, therefore, call upon the Hon'ble Minister to introduce the Bill. Leave to introduce is not necessary but introduction is necessary.

The *Hon'ble Shri Jagannath Rao Chandarki* (Law and Endowments Minister) : Speaker, Sir, I beg to introduce L.A. Bill No. III of 1952 : A Bill to provide for the salaries of the Speaker and he Deputy Speaker of the Hyderabad Legislative Assembly and or matters connected therewith.

*Shri A. Rajreddy* (Sultanabad) : Speaker Sir, on a point of order. The Bill, as far as I think, is a money bill and unless recommended by the Rajpramukh, it cannot be introduced in this House.

*Mr. Speaker* : If the Hon'ble Member looks at the end of the Bill he will find the words " By order of His Exalted Highness the Nizam ". I think it is sufficient.

*Shri A. Rajreddy* : I want further information, Sir. The House must be informed, when the motion is being moved, whether it has been recommended by the Rajpramukh. The motion must be followed by these words ; that is what I think.

*Mr. Speaker* : It is not the practice. Of course, when the words " By order of His Exalted Highness the Nizam " are printed at the end, Hon'ble Members will take it that it has been recommended by the Rajpramukh. If these words were not printed then of course the question would arise.

*The Hon'ble Shri Jagannath Rao Chandarki* : The words " By order of His Exalted Highness the Nizam " have already been printed. I beg to introduce the L.A. Bill No. III of 1952 : A Bill provide for the salaries of the Speaker and the Deputy Speaker of the Hyderabad Legislative Assembly and for matters connected therewith.

*Mr. Speaker* : The Bill is introduced. I think, this is a small bill and we can take up the First, Second and Third readings continuously. Now, the Bill may be moved for the first reading.

The *Hon'ble Shri Jagannath Rao Chandarki* : Speaker, Sir. In the Constitution, there is provision that there must be posts of Hon'ble the Speaker and the Deputy Speaker. As they are salaried posts, Government has to make provision for their salary. Taking into consideration what is obtaining in the other States, Government has fixed the salary of the Hon'ble the Speaker at I.G. Rs. 1,250. While providing for this amount the Government has taken into consideration that his salary should be equal to the salaries of the Ministers, as that is the convention in other States. In the same manner, taking into consideration the convention followed by other States, the Government has fixed the salary of the Deputy Speaker at I.G. Rs. 750.

I request that this Bill be taken into consideration for the second time.

*Shri V.D. Deshpande* : Speaker, Sir. When it has not been moved for the first time, I do not know how it could be moved for the second time. It was only introduced.

*Mr. Speaker* : I had asked the Hon'ble Minister to move for the first reading of the Bill. Presuming that the Bill was moved by him he started discussing the principles of the Bill. I had, therefore, to presume that the Bill was already moved for the first time. Now the question is whether the Bill should be taken for the second time.

*Shri V.D. Deshpande* : Speaker, Sir. At the time of the first reading, I wanted to express my views on it.

*Mr. Speaker* : Now, of course, it is too late. You can very well do it at the time of the second reading. In fact, the principle is, after permission is granted to move the Bill for the second reading, Hon'ble Members will have the opportunity to move any amendments.

*Shri V.D. Deshpande* : Speaker, Sir. The Hon'ble Minister said he moved it for the second reading. I want that he should correct it as "first reading". I am waiting for the Hon'ble Minister to do so after which I want to express my views. I think it is the privilege of the House to discuss it generally and later on, at the time of the second reading, move amendments.

*Mr. Speaker* : Now, the point is this : When the Bill was introduced, the Hon'ble Minister spoke on the general Principles of the bill. The Hon'ble Member could have discussed the principles at that time.

*Shri A. Raj Reddy* : Mr. Speaker, Sir. On a point of information, I want to know whether it is at the stage of the first reading of the Bill or after the motion "that the Bill be read a second time" is moved, general discussion takes place.

*Mr. Speaker* : General principles have to be discussed at the stage of the first reading. During the second reading of the Bill, amendments should be moved and at the final or the third reading,

the Bill is passed as amended or without amendments as the case may be.

*Shri V.D. Deshpande* : I would like to move certain amendments. I want to know whether at this stage I can move them.

*Mr. Speaker* : There is a formal technicality . The Hon'ble Minister should say, " I move that the Bill be read a second time".

*The Hon'ble Shri Jagannath Rao Chandarki*: Speaker, Sir. I beg to move that L.A. Bill No. III of 1952 be read a second time.

QUESTION PROPOSED, AND AGREED TO

شری وی - ڈی - دیشپا نڈے - میں اس بل میں ایک امنڈمنٹ پیش کرنا چاھتا هوں کلاز نمبر ۲ سب کلاز ۳ میں -

شری اننت ریڈی - میں پراویژنل رولس کے رول نمبر (۹٦) کی طرف توجه دلانا چاھتا هوں -

According to Rule 96 of the Provisional Rules,

> " after a motion has been agreed to by the Assembly that a Bill be read a second time, the Speaker shall submit the Bill to the Assembly clause by clause."

So it should be read clause by clause.

*Mr. Speaker* : That stage is after the amendments.

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - میں اس بل کے کلاز نمبر ۲ میں یه امنڈمنٹ موو (Move) کرنا چاھتا هوں که کلاز نمبر ۲ سب کلاز ۳ میں مینٹینینس (Maintenance) کی جو ڈیفینیشن دیگئی ھے اسکو ڈیلیٹ ( Delete ) کردیا جائے - اس امنڈمنٹ کو اس وجه سے پیش کرنا چاھتا هوں که اسکے بعد جو امنڈمنٹ میں پیش کرونگا اس کی غرض اس امنڈمنٹ کے ذریعه پوری هو جائیگی - میں اپنا مقصد آپکے سامنے صاف کردینا چاھتا هوں - پچھلے کئی سال سے ریاست حیدرآباد کا تجربه ھے که مینٹننس پر هزاروں روپیه خرچ کردیا جاتا ھے -

*The Hon'ble Shri V.B. Raju* : On a point of order, Sir. Before an amendment is moved the speech that is being made may not be in order.

*Mr. Speaker* : In fact, time for moving amendments is yet to be specified. The first reading of this Bill and the other Bills will be completed today and then time for moving amendments will be specified. Amendments can be tabled till tomorrow. Of course, I leave it to the House. If the amendments are merely nominal, say for example, the ' maintenance ' clause in the Bill is not necessary or simply certain words of the clause should be deleted, that may be allowed ; but, if the Hon'ble Members want that the amendments should be tabled in the usual form, I have no objection to that.

*The Hon'ble Shri Jagannath Rao Chandarki* : We do not know what sort of amendments will be proposed by the Hon'ble Members. It would be better if time is given to them to submit their amendments and then the discussion be continued.

شری انا جی راؤ (پر بھنی)- مسٹر اسپیکر - سر - جیسا کہ ابھی آنریبل منسٹر نے کہا ھے اس وقت صحیح رائے قائم نہیں کی جاسکتی کہ کیا امنڈمنٹس آنے والے ھیں - اس لئے امنڈمنٹس داخل کرنے کے لئے کل تک موقع دیا جانا مناسب ھے -

*Mr. Speaker* : If it is the general opinion of the House that time till tomorrow should be given for amendments, I have no objection. So, amendments to Bill No. III may be tabled before 9 a.m. tomorrow.

*The Hon'ble Shri Jagannath Rao Chandarki*: Will it not be possible to table the amendments before 1 p.m. today so that they can be circulated easily to the Hon'ble Members, and discussed tomorrow ? If time is given till tomorrow morning, then there will be an objection that the amendments were received late and there was no time for considering them. Therefore, I request that time should be given until 1 p.m. today for tabling the amendments. The Secretary will have them circulated to the Hon'ble Members today and there can be discussion on these amendments tomorrow.

مسٹر اسپیکر - میں سمجھتا ھوں کہ اسمبلی کا کام ایک بجے تک چلیگا - میں آنریبل ممبرس کو مجبور کرنا مناسب نہیں سمجھتا کہ وہ ایک حد تک اسمبلی کے کام سے عدم توجہی کرکے امنڈمنٹس کی طرف متوجہ ھو جائیں - اگر کوئی ڈفیکلٹی (Difficulty) محسوس ھوتی ھو تو مجھے یہ طے کرنا پڑیگا کہ کل ۹ بجے تک امنڈمنٹس قبول کئے جائیں اور ڈسکشن پرسوں تک ملتوی کردیا جائے -

شری وی ـ ڈی ـ دیشپانڈے ـ جیسا کہ آنریبل منسٹر نے ظاہر کیا ہے امنڈمنٹس کے لئے سوچنا ہی پڑیگا اس لئے پرسوں تک ملتوی کرنا ہی مناسب ہوگا ـ

آنریبل شری بی ـ رام کشن راؤ ( چیف منسٹر ) اگر یہ بات ہے تو میں یہ پروپوز ( Propose ) کرونگا کہ جتنے بھی بلس آج پیش کئے جا رہے ہیں انکو سیکنڈ ریڈنگ ( Second reading ) تک لاکر امنڈمنٹس کے لئے ملتوی کردیا جائے ـ کل نو بجے تک امنڈمنٹس پیش کرنے کا موقع دیا جائے ـ کل ہی انکی کاپیاں آنریبل ممبرس میں سرکیولیٹ ( Circulate ) کرادی جائیں اور پرسوں ان پر بحث ہو ـ سارے بلس کے لئے یہی طریقہ اختیار کیا جائے تو تمام بلس کے امنڈمنٹس ایک ساتھ آجائینگے اور ان پر ڈسکشن ( Discussion ) پرسوں ہوگا ـ

شری وی ـ ڈی ـ دیشپانڈے ـ یہ جو سوچنا سامنے آئی ہے میں اسکی تائید کرتا ہوں ـ

مسٹر اسپیکر ـ ظاہر ہے کہ ایک بل کے لئے جو طریقہ کار اختیار کیا جائیگا سب کے لئے وہی طریقہ اختیار کرنا ہوگا ـ کم سے کم جو بلس ( Bills ) اسوقت ہاؤس کے سامنے آچکے ہیں انکو سیکنڈ ریڈنگ تک لالیا جائے تاکہ پرسوں اس میں جو وقت صرف ہوگا اسکو بچایا جائے ـ لیجسلیٹیو اسمبلی بل نمبر ۳ سنہ ۱۹۵۲ع کے بارے میں جو امنڈمنٹس پیش ہونے ہیں وہ کل ۹ بجے تک پیش کئے جاسکتے ہیں ـ امنڈمنٹس پر ڈسکشن منڈے ( Monday ) کے روز ہوگا ـ

## L.A. Bill No. IV of 1952 : A Bill to amend the Hyderabad Municipal Corporations Act, 1950.

*Mr. Speaker* : The next item on the agenda is : The Hon'ble Shri Anna Rao Ganamukhi to introduce the L.A. Bill No. IV of 1952 : A Bill to amend the Hyderabad Municipal Corporations Act, 1950.

*The Hon'ble Shri Anna Rao Ganamukhi* : (Local Government Minister): Mr. Speaker, Sir. I beg to introduce L.A. Bill No. IV of 1952 : A Bill to amend the Hyderabad Municipal Corporations Act, 1950.

*Mr. Speaker* : L.A. Bill No. IV of 1952, A Bill to amend the Hyderabad Municipal Corporations Act, 1950, is introduced.

*The Hon'ble Shri Anna Rao Ganamukhi* : Mr. Speaker, Sir, I beg to move that the Bill be taken into consideration.

*Mr. Speaker*: Motion moved. Now the Hon'ble Members may discuss the principles of the Bill if they so desire.

*Shri A. Raj Reddy*: Mr. Speaker, Sir. I am at a loss to know whether to say that the Bill ' be taken into consideration' means the first reading. I think that is not the form of moving it. The Hon'ble Minister must say that the Bill be read a first time. That is how it is to be moved.

*Mr. Speaker*. The Hon'ble Member will see that the rules here differ a bit from the rules of Parliament. The object is the same. We say here "first reading". In Parliament, it is said that the Bill 'may be taken into consideration'. When we are clear about it, I think there should be no objection about it.

*Shri A. Raj Reddy*: Mr. Speaker, Sir. Formally it must be moved as per the rules here, so that we may know that it is being moved for the first reading. Otherwise, if it is said "it may be taken into consideration", it will be very difficult to follow.

آنریبل شری انا راؤ گنامکھی ( لوکل گورنمنٹ منسٹر) مسٹر اسپیکر سر - اس بل کے سلسلہ میں مجھے عرض کرنا ہے کہ حیدرآباد اور سکندرآباد کار پوریشنس پہلے حیدرآباد میونسپل اینڈ ٹاون کمیٹی ایکٹ ۱۳۰۲ف کے تحت کام کررہے تھے - اس بل کا منشا یہ ہے کہ میونسپل کونسلرس کو ۱۰ روپے سٹنگ فیس ( Sitting fee ) دلائی جائے - لیکن جونہی آئین رپیل ہوا ( Repeal ) حیدرآباد میونسپل کارپوریشنس ایکٹ نافذ ہوا - موجودہ کارپوریشنس ایکٹ میں اس قسم کا پراویژن موجود نہیں ہے جیسا کہ پہلے تھا - اس دقت کو محسوس کرنے کے بعد دونوں کارپوریشنس ( Corporations ) نے رزولیوشن کے ذریعہ گورنمنٹ کے سامنے یہ ڈیمانڈ رکھا ہے کہ حسب سابق ہر ممبر کو ۱۰ روپے سٹنگ فیس کے نام سے دئے جائیں - لیکن چونکہ حیدرآباد میونسپل کارپوریشنس ایکٹ میں اس کے لئے کوئی پراویژن (Provision) نہ تھا اس لئے دقت پیدا ہوئی کہ انہیں کس پراویژن سے یہ رقم دیجائے - کابینہ میں بھی اس مسئلہ پر غور کیا گیا اور اسکے بعد بمبئی اور مدراس گورنمنٹ سے دریافت کیا گیا کہ وہاں میونسپل کونسلرس کو فی نشست کیا فیس دیجاتی ہے - اسکے متعلق مدراس میونسپل کارپوریشن سے جواب آیا کہ وہاں کے میئر ( Mayor ) کو ایک کار اور ڈپٹی میئر کو ایک کار کنوئینس ( Conveyance ) کے لئے دیجاتی ہے اور دوسرے کونسلرس کے لئے دو وپان رکھے گئے ہیں - بمبئی سے معلوم ہوا کہ وہاں ایسا کوئی

پراویژن نہیں ہے - بمبئی میونسپل کارپوریشن نے یہ بھی لکھا ہے کہ وہاں بھی گورنمنٹ پر اصرار کیا گیا ہے - بمبئی گورنمنٹ نے یہ تحریک کی ہے کہ ایک ایکٹ پاس کیا جائے جسکی رو سے میونسپل کونسلرس کو سہولتیں حاصل ہوں - چونکہ حیدرآباد میونسپل کارپوریشنس ایکٹ میں ایسی کوئی گنجائش نہیں ہے اور ہمارے میونسپل کونسلرس کو کار یا ویان بھی سربراہ نہیں کئے گئے ہیں - اس لئے یہ بل پیش کیا گیا ہے تاکہ میئر کو فی ماہ (۲۰۰) روپے الونس اور ہر کونسلر کو ۱۰ روپے سٹنگ فیس دلائی جاسکے - اسلئے میں ہاؤز سے استدعا کرونگا کہ اس پر غور کرکے منظور کرے -

شری اناجی راؤ ( پربھنی ) - جس طرح بل ہاؤس کے سامنے پیش کیا گیا ہے وہ مبہم الفاظ میں ہے اور قطعیت کے ساتھ کوئی بات نہیں کہی گئی ہے - اس لئے ظاہر ہے کہ اسکے بارے میں امنڈمنٹس لائے جائینگے - اسکے سکشن ۲ میں کہا گیا ہے کہ -

"Conveyance allowance to the Mayor and the Councillors of the Corporation, at such rates as may be sanctioned by Government, for attending the meetings of the Corporation and of any Committees constituted under this Act."

ان الفاظ پر اعتراض کیا جاسکتا ہے - جیسا کہ آنریبل منسٹر نے فرمایا سٹنگ فیس ۱۰ روپے مقرر کی جا رہی ہے - اس سلسلہ میں دوسرے اسٹیٹس کے معلومات بھی سامنے رکھے گئے ہیں لیکن کوئی فکسڈ اماونٹ (Fixed amount) ہاؤس کے سامنے پیش نہیں کیا گیا ہے - یہ بل ( Bill ) میں عیب ہے - میں ان الفاظ کی حدتک سجیشن ( Suggestion ) دینا چاھتا ہوں - اسکے بعد جو بھی طے کیا جائے امنڈمنٹس تو بہر حال لائے جائینگے -

مسٹر اسپیکر - جو اعتراض ابھی ہاؤس کے سامنے رکھا گیا ہے اس پر امنڈمنٹ کے ذریعہ غور ہوسکتا ہے -

*Shri Raj Reddy* : Mr. Speaker, Sir: I want to know one thing. I am at a loss to understand the procedure adopted here. Permission of the House was sought first for the second reading and the second reading was allowed. The first reading was done and later, the permission of the House was sought. I do not know whether the permission of the House comes first and reading next or reading first and permission next.

مسٹر اسپیکر - بات یہ ہے کہ ایک تو انٹروڈیوس ( Introduce ) کرنے کی اجازت چاھی جاتی ہے - کسی بل کے متعلق ہاؤس یہ چاھتا ہے کہ انٹروڈیوس کی اجازت ہی نہ دیجائے - اور اسی اسٹیج پر اسکو ریجکٹ کردیا جاتا ہے - اگر اس اسٹیج سے آگے

بڑھگیا تو فرسٹ ریڈنگ کی اجازت چاھی جاتی ھے - فرسٹ ریڈنگ کی اجازت ملنے پر بل کے پرنسپل پر ڈسکشن ھوتا ھے - ڈسکشن کے بعد فرسٹ ریڈنگ ختم ھوتی ھے اس کے بعد سیکنڈ ریڈنگ کا مسئلہ پیش ھوتا ھے اور سیکنڈ ریڈنگ کی اجازت چاھی جاتی ھے - میں سمجھتا ھوں کہ رولس اسبارے میں صاف ھیں - اسکو اس طریقے سے جس طرح میں نے سمجھا ھے چلایا گیا - اب آپ کے سامنے موشن آئیگا کہ سیکنڈ ریڈنگ کی اجازت دیجائے - سیکنڈ ریڈنگ کے بعد امنڈمنٹس کا موقع آتا ھے -

QUESTION PUT " THAT L.A. BILL NO. IV OF 1952, BE READ A FIRST TIME " AND AGREED TO

*The Hon'ble Shri Anna Rao Ganamukhi* : Mr. Speaker, Sir. I beg to move that the Legislative Assembly Bill No. IV of 1952 : A Bill to amend the Hyderabad Municipal Corporations Act, 1950, be read a second time.

QUESTION PROPOSED, AND AGREED TO

مسٹر اسپیکر - میں سمجھتا ھوں اس سلسلہ میں امنڈمنٹس پیش ھونگے - اگر امنڈمنڈمنٹس پیش ھونے کا سوال نہوتا تو اس اسٹیج کی طرف جانے کی ضرورت نہوتی - امنڈمنٹس کل ۹ بجے تک پیش ھوسکتے ھیں - ڈسکشنس منڈے کے روز ھونگے - اسکے بعد ایجنڈے پر ایٹم نمبر ۵ لیجسلیٹیو اسمبلی بل نمبر ۱ "دی حیدرآباد پبلک سروس کمیشن ریگولیشن ( ری پیلنگ ) بل سنہ ۱۹۵۲ع " ھے - لیکن چونکہ یہ بل ابتک کسی آنریبل ممبر کے پاس نہیں پہنچا ھے اس لئے اس بل کو ابھی نہیں لیا جاسکتا -

## L.A. Bill No. V of 1952: A Bill to repeal the Security Regulation, 1358 F.

*Mr. Speaker* : The Hon'ble Shri Digamber Rao Bindu will now introduce the Legislative Assembly Bill No. V of 1952 : A Bill to repeal the Security Regulation, 1358 Fasli.

*The Hon'ble Shri Digambar Rao Bindu* (Home Minister) : I beg to move L.A. Bill No. V of 1952 : A Bill to repeal the Security Regulation, 1358 Fasli.

*Mr. Speaker* : The motion is for the introduction of the Bill.

*Shri Raj Reddy* : The Hon'ble Member never moved for the leave of the House to introduce the Bill. He said " I beg to move the Bill."

*Mr. Speaker* : The Hon'ble Minister should move for the introduction of the Bill. When the Bill is published, you know, leave is not necessary for its introduction. The Hon'ble Minister only wants the particular Bill to be introduced.

*Shri Raj Reddy* : Is this the ruling that one need not move for the leave of the House?

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao* (Chief Minister) : I think that should be the ruling, if it has not been given, because the Rules provide that when a Bill has been published in the Gazette, motion for leave to introduce is not necessary. I shall just refer the Hon'ble Member to Rule 79 (2), which reads thus :—

> "When a Bill has been published under the provisions of the proviso to Rule 80, it shall not be necessary to move for leave to introduce the Bill and the Bill may be introduced by the Member in charge on any subsequent day available for business of that kind."

This makes it clear that when a Bill has been published in the Gazette, it is not necessary to move for leave to introduce the Bill.

*Shri Raj Reddy* : I quite agree with the Rule which was referred to. But here the question proposed was for the leave of the House. I know that it is not necessary, when the Bill is published in the Gazette, to move for the leave of the House.

*Mr. Speaker* : Rule 79 (1) says that :

> "..................If leave to introduce the Bill is granted, the mover shall forthwith introduce the Bill."

This is a very formal and technical matter and when it has already been published, in fact no leave is necessary on that account. But even if leave is sought it should not be deemed objectionable.

The Bill is introduced.

*The Hon'ble Shri Digambar Rao Bindu* (Home Minister): I beg to move that L.A. Bill No. V of 1952 : A Bill to repeal the Security Regulation, 1358 F., be read a first time.

QUESTION PROPOSED AND AGREED TO.

*Shri Gurva Reddy* (Siddipet) : On a point of information, Sir, I would like to know if the Andhra Mahasabha and the Communist Party are banned under this Regulation.

*Mr. Speaker* : This matter is quite irrelevant for the purpose of the Bill.

*Shri Gurva Reddy* : That is only a point of information.

*Mr. Speaker* : Any information which the Hon'ble Member asks must be relevant to the subject.

*The Hon'ble Shri Digambar Rao Bindu* : Sir. I beg to move that L.A. Bill No. V of 1952 : A Bill to repeal the Security Regulation, 1358 F., be read a second time. In this context I would only say that this Bill is the most non-controversial one and the Security Regulation of 1358 F., which was on the Statute Book, is redundant and ultra vires of the Constitution. This has been decided by the High Court as well, in one of the cases.

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے۔ ادھیکش مہودے۔ یہ چونکہ ری‌پیل بل ھے سیکنڈ ریڈنگ کی اجازت دیجاسکتی ھے۔ چونکہ امنڈمنٹس کا سوال نہیں ھے اسلئے ھاؤس اسکی اجازت دے سکتا ھے۔

شری راجہ رام (آرمور)۔ امنڈمنٹ موو کرنے کا ھر ایک کو ادھیکار ھے۔ کوئی اسکی مناپلی ( Monopoly ) نہیں لے سکتا۔ ھمیں امنڈمنٹس موو کرنے ھیں۔

مسٹر اسپیکر۔ امنڈمنٹس کا موقع تو بعد میں آئیگا۔ میں سیکنڈ ریڈنگ کی اجازت دینے کے بارے میں ھاؤس کی رائے معلوم کرنا چاھتا ھوں۔
امنڈمنٹس کل تک پیش ھونگے اور ڈسکشن پرسوں ھوگا۔

QUESTION PROPOSED, AND AGREED TO

*The Hon'ble Dr. Chenna Reddy* (Agriculture and Supply Minister) : Sir, I beg to submit that, as the Bills have been circulated already and as they are taken up for consideration, the amendments could be entertained before this House and the actual second and third reading be proceeded forthwith, instead of every time going in for the second reading and then asking for the amendments.

مسٹر اسپیکر۔ ایسا نہیں ھے۔ واقعہ یہ ھے کہ اسبارے میں ھاؤس سے دریافت کیا گیا اور ھاؤس نے اسکو طے کردیا ھے کہ امنڈمنٹس کے لئے موقع دیا جائے۔ اب اس پر ریویو ( Review ) نہیں ھوسکتا۔

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao* (Chief Minister) : It is true that the House decided that, in regard to Bills against which amendments are expected, time may be given till tomorrow morning. But, as I understand from the speeches made by the Hon'ble Leaders of the Opposition—Shri V.D. Deshpande and Shri G. Rajaram this is a Bill which is absolutely non-controversial, and there are not likely to be any amendments. I do not see any reason why this Bill should be postponed and amendments invited when there are none.

*Mr. Speaker* : One Hon'ble Member has already said that he has got certain amendments.

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao* : I am afraid I did not hear him properly. I thought he said that there would be no amendments. If that is the case, I am sorry.

## Allotment of time for discussion on the Motion for Address of Thanks to the Rajpramukh

مسٹر اسپیکر - اب ہمیں ایجنڈے کے لحاظ سے موشن فار اڈریس آف تھینکس (Motion for Address of Thanks) لینا ہے - لیکن میں ایک چیز ظاہر کردینا چاہتا ہوں وہ یہ کہ بلس ( Bills ) منڈے ( Monday ) کو لئے جائینگے - موشن آف تھینکس کے بارے میں جب ڈسکشن شروع ہوگا تو انٹرپشنس نہونے چاہئیں - اگر اس پر کسی کو اعتراض ہو تو اس کا تصفیہ ابھی کردیا جائیگا - عموماً یہ ہوتا ہے کہ اڈریس آف تھینکس پر ڈسکشن کے دوران میں انٹرپشنس نہیں ہوتے البتہ اس کے لئے پراویژن یہ ہے کہ امرجنسی بل آسکتے ہیں - ابھی جو تین بلس پیش ہوئے ہیں - ان پر منڈے کے روز ڈسکشن ہوگا - میں اسکی ضرورت سمجھتا ہوں کہ ٹائیم لیمٹ لگائی جائے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - ادھیکش مہودے - جیسا کہ آپ نے فرمایا ڈسکشن کے دوران میں انٹرپشن ٹھیک نہوگا - لیکن میں یہ عرض کرونگا کہ ڈسکشن کے لئے کافی موقع ملنا چاہئے - بلس منڈے کی بجائے ٹیوز ڈے کو لئے جائیں تو ڈسکشن مسلسل جاری رہ سکیگا اور کوئی انٹرپشن نہوگا -

مسٹر اسپیکر - میں سمجھتا ہوں کہ یہ بلس ( Bills ) فارمل ( Formal ) ہیں - انٹرپشن نہونیکا یہ مطلب نہیں کہ انہیں دو روز تک ملتوی کیا جائے - بہر حال یہ معمولی چیز ہے جسکا فیصلہ ہوچکا ہے - سوال یہ ہے کہ آنریبل ممبرس اس موشن کے لئے کتنا ٹائیم چاہتے ہیں - آج تو دس بجے سے ٹائیم ملیگا - کل آپکو پورا ٹائیم ملیگا میں سمجھتا ہوں اس موشن کے سلسلہ میں زیادہ تر گورنمنٹ کی پالیسی پر ڈسکشن ہوگا - ظاہر ہے کہ جو کچھ بھی اعتراضات ہوں وہ گورنمنٹ پالیسی سے متعلق ہونگے - اسکے

بارے میں کافی طور پر پہلے بحث ہوچکی ہے آج تین گھنٹے اورکل پورا دن اس کےلئے کافی ہوگا ایک دفعہ اگر ہم اس چیز کو طے کرلیں تو ھاؤس پر لازم ہوگا کہ اسکی پابندی کرے - یعنی موشن پر ڈسکشن کےلئے جو ٹائیم مقرر ہوگا اسکے ختم ہونے پر ڈسکشن کی اجازت نہیں دیجائیگی - موشن ووٹ کےلئے پیش کردیا جائیگا - کل شام تک اسکی چرچا ہوسکتی ہے - امنڈمنٹس منڈے پر رکھدئیے جائینگے -

شری اناجی راؤ- جو امنڈمنٹس آئے ہیں میں سمجھتا ہوں وہ اہم ہیں - اس میں شک نہیں بجٹ کے سلسلے میں کافی بحثیں ہوئیں لیکن ان میں زیادہ تر تلنگانہ کے کوئیسچن ( Question ) پرڈسکشن ہوا تھا -گورنمنٹ کی پالیسی جو اگریکلچر - ایجوکیشن - پولیس ریفارمس وغیرہ سے متعلق ہے اس پر بحث نہیں ہوئی ہے - اسلئے آنریبل ممبرس کو کافی موقع دیا جانا چاہئے - ٹائیم لیمٹ کے سلسلے میں میرا خیال ہے کہ کل جو وقت ملیگا وہ کافی نہیں ہوگا میں یہ رکوسٹ کرونگا کہ ٹائیم لیمٹ نہ کیا جائے بلکہ کافی وقت دیا جائے تاکہ گورنمنٹ کی پالیسی کے متعلق ہر ممبر کو اپنے خیالات کے اظہار کا موقع ملسکے -

آنریبل شری بی رام کشن راؤ - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری یہ خواہش نہیں ہے کہ ٹائیم لیمٹ ( Limit ) لگاکر امنڈ منٹس کو روکا جائے اور آنریبل ممبرس کو اظہار خیال کا موقع نہ ملے - ہم اس آرگیومنٹ ( Argument ) میں ضروری قوت پاتے ہیں بجٹ کے سلسلے میں جو مباحث ہوئے انکا زیادہ سمبندہ تلنگانہ کے مسائل سے تھا - آنریبل ممبر شری انا جی راؤ نے کہا کہ دیگر مسائل پر بحث کا موقع نہیں ملا -

*Mr. Speaker* : As far as possible, mentioning of names should be avoided in the House.

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao* : Should I say "the Hon'ble Member who preceded me?"

*Mr. Speaker* : Yes, that is the proper procedure.

آنریبل شری بی رام کشن راؤ- آنریبل ممبر نے جو فرمایا اس میں کچھ حقیقت ہے اسلئے میں نہیں چاہتا کہ کوئی بندھن ڈالے جائیں- لیکن میں اسکے ساتھ ساتھ هاؤس کو یاد دلاؤنگا کہ اس بریف سشن ( Brief Session ) کی مدت کافی زیادہ ہوگئی ہے - ابتدا میں یہ خیال تھا کہ یہ سیشن ۵ - اپریل تک ختم ہو جائیگا - لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کا امکان نہیں ہے - آج ۴ - اپریل ہے - ہمنے پرسوں کا پروگرام بنا لیا ہے - میرے خیال میں ۷ - تاریخ کو اسمبلی کا سیشن ختم ہو جانا چاہئے - اس تاریخ کے اندر تمام بلس اور امنڈمنٹس کے تصفیے ہو جانے چاہئیں - اسلئے میرا پروپوزل

( Proposal ) یہ ہے کہ عالی جناب آج بھی وقت دیں اور کل بھی اتنا وقت دیں کہ کام ختم ہو جائے - اس سے زیادہ سمئے دینے کی آوشیکتا ( आवश्यकता ) میں محسوس نہیں کرتا - آنریبل ممبرس ان دو دنوں میں انڈسٹریل - اکنامک اور لیانڈ پالیسی وغیرہ پر اپنے خیالات پورے طور پر ظاہر کرسکتے ہیں - اگر تفصیلی مباحث اور کچھ ہوں تو انہیں دوسرے سشن کے لئے چھوڑنا چاہئے - اس کا خیال رکھنا چاہئے کہ یہ مختصر سشن ہے جو ووٹ آن اکونٹ ( Vote on account ) کےلئے بلایا گیا ہے - جو بلس لائے گئے ہیں وہ رسمی ہیں - ان پر بحث کرتے ہوئے اتنا وقت ضایع کرنا میں ضایع کرنا تو نہیں کہہ سکتا البتہ صرف کرنا - ٹھیک نہوگا - جو کچھ خیالات ہیں انکے اظہار کےلئے دو دن کافی ہو جائینگے - آج ایک بجے تک کام کیا جائے - دو پہر میں تین سے چھ بجے تک وقت دیا جائے تو مجھے عذر نہوگا -

بہر حال کل شام تک موشن آف تھینکس ( Motion of thanks ) پر بحث ختم ہو جانی چاہئے - اسکے بعد اسکا سلسلہ باقی نہ رہیگا -

*Shri G. Rajaram*: As the Rajpramukh's address is a policy statement of the Government involving major policies and programmes, I am of opinion that Hon'ble Members be given sufficient time, and a thorough discussion allowed. Therefore, I would like to suggest that at least three days may be earmarked for the discussion on the motion for address of thanks to H.E.H. the Rajpramukh.

شری ایم نرسنگ راؤ (کلوا کرتی) - دو دن کا عرصہ میرے خیال میں بہت کافی ہے - میرا خیال ہے کہ پہلے جنرل ڈسکشن ہو - اسکے بعد امنڈمنٹس لئے جائیں - میں سمجھتا ہوں طریقہ یہی ہے - آج ایک مرتبہ جنرل ڈسکشن ہو جائے تو امنڈمنٹس پر زیادہ بحث کی ضرورت باقی نہ رہیگی - جیسا کہ لیڈر آف ذی ہاؤس نے فرمایا آج تین بجے سے بھی ہم بیٹھ سکتے ہیں کل کا وقت بھی لیا جاسکتا ہے - دو دن میں کام ختم ہوسکتا ہے - اس سشن میں راج پرمکھ کے اڈریس پر بحث کے دوران میں دوسرا کام بھی لیاجاسکتا ہے - اسبارے میں کافی پروویژنس ( Provisions ) موجود ہیں - آپکو دوسرا کام بھی لینے کا پورا اختیار ہے - اس لئے دو دن کافی ہیں - کل شام تک یہ کام ختم ہونا چاہئے - یہ میرا خیال ہے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - جو خیال ظاہر کیا گیا ہے اس سے میں متفق نہیں ہوں - دوسرے ممالک میں جب اس قسم کے موشن آتے ہیں اور جنکا میں نے مطالعہ کیا ہے مثلا انگلینڈ وغیرہ میں ٦ - ٦ دن دئے جاتے ہیں - بجٹ کے سلسلے میں ہمنے ۳۱ - تاریخ کی قید کو اسلئے قبول کیا کہ اس تاریخ سے پہلے بجٹ کا تصفیہ ہونا ضروری

تھا - اب کوئی وجہ نہیں کہ کوئی لیمٹ لگائی جائے - آنریبل چیف منسٹر نے فرمایا کہ یہ شارٹ سشن ہے - اس میں شک نہیں لیکن جو آنریبل ممبرس یہاں آئے ہیں وہ گورنمنٹ کے سامنے پالیسی سے متعلق اپنے خیالات پیش کرنا چاہتے ہیں - حکومت کی پالیسی طے شدہ ہوتی ہے اس لئے شاید وہ اس پر بحث نہیں چاہتی- لیکن آج ہم عوام کے نمائندوں کی حیثیت سے آئے ہیں - ہمیں اپنے خیالات ٹھیک طور سے ظاہر کرنا ہے - اس لئے کہ جیسے جیسے دن گذرتے جائینگے حکومت اپنی ہی پالیسی کو مضبوط کرتی جائیگی - ہم اپنے خیالات کا اظہار کرنا اسلئے ضروری سمجھتے ہیں کہ آپ عوام کے خیالات کو اپنی پالیسی میں اڈجسٹ ( Adjust ) کرسکیں - اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ ٹائیم لیمٹ کرنا ٹھیک نہوگا- تین دن دینا مناسب ہے - بلکہ میں اس کےلئے چار دن مانگتا - لیکن آنریبل چیف منسٹر کے خیالات کا لحاظ کرتے ہوئے میں نے تین دن مانگے ہیں - میں یہ اپیل کرونگا کہ کم از کم تین دن دئے جائیں -

یہ بھی کہا گیا کہ جو بلس هاؤس کے سامنے آئے ہیں وہ فارمل ( Formal ) ہیں- لیکن ہمارے خیال میں یہ بہت اہمیت رکھتے ہیں - اس لئے کہ اسپیکر اور منسٹرس کی سیلری ( Salary ) ایک ہی مقرر ہونے والی ہے - اس سلسلے میں ہم بھی اپنی پالیسی رکھتے ہیں جس میں یہ طے کیا گیا ہے کہ بڑے سے بڑے عہدہ دار کی تنخواہ کا معیار کیا ہو- لہذا یہ بحث طلب چیز ہے - اور میں نہیں سمجھتا کہ یہ مسئلہ ایک دو گھنٹوں میں ختم ہو جائیگا - اس کےلئے تو پورے دن کی ضرورت ہوگی - اس لئے امنڈمنٹس منڈے ( Monday ) کی بجائے دوسرے دن رکھے جائیں تو مناسب ہوگا - منڈے کو امنڈمنٹس کے سلسلہ میں اگر پورا دن صرف ہوجائے تو ایڈریس پر جنرل ڈسکشن ( Discussion ) کےلئے ٹیوزڈے ( Tuesday ) کی بھی ضرورت ہوگی - ان تمام چیزوں کا لحاظ رکھکر غور کیا جائے تو مناسب ہے -

شری داور حسین (نظام آباد) - مسٹر اسپیکر- سر - وقت کے عدم کفاف کا اعتراض ہر منزل پر ہوسکتا ہے - وہ حضرات جو پیشہ وکالت سے تعلق رکھتے ہیں اگر وہ بحث کے کسی جزو پر بحث شروع کردیں تو ممکن ہے اس کےلئے ۱۰ روز بھی کافی نہوں - ہمیں یہ محسوس کرنا چاہئے کہ قوم کا پیسہ - قوم کا وقت - قوم کا مفاد اور اسکی ساری توانائیاں کسی خاص مقصد کےلئے صرف کریں - ہمیں وقت مانگنے سے پہلے یہ پیش نظر رکھنا چاہئے کہ کم سے کم کتنی مدت میں ہم اپنے اغراض و مقاصد پورے کرسکتے ہیں- ہم اب کام کررہے ہیں دو پہر میں بھی کرینگے - کل صبح اور دو پہر میں بھی کام کرینگے - اگر پرانے ڈھنگ سے دیکھا جائے تو یہ سب کام چار دن کے کام کے برابر ہوگا اور اسطرح آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن کا منشاء بھی پورا ہوجائیگا - اسطرح ڈسکشن کےلئے دو دن کافی سے زیادہ ہیں بشرطیکہ ڈسکشن ختم کرنا چاہیں -

شری - جی - سری راملو ( منتھنی ) - وقت کی استدعا کے لئے ھی آنریبل ممبرس نے اتنا وقت صرف کیا - آنریبل ممبرس خود غور کریں کہ جب وقت مانگنے میں اتنا وقت لگ ہے تو ڈسکشن ( Discussion ) میں کتنا وقت لگے گا -

*Mr. Speaker*: Order, Order, if the Hon'ble Member wants to say anything, he may say. The Hon'ble Member who is saying this is also taking the time of the House.

یہ جملہ بحثیں سننے کے بعد میں کوئی ایسی قید لگانا نہیں چاھتا جسکی وجہ سے یہ کہنے کا موقع ملے کہ ھمیں کافی موقع نہیں دیا گیا - آج ایک بجے تک یہ ڈسکشن ھوگا - کل بھی بحث ھوگی - پرسوں بھی امنڈمنٹس پر بحث کے بعد جو وقت بچے گا وہ بھی اسی ڈسکشن پر صرف ھوسکتا ھے - اس لحاظ سے اتنا وقت کافی ھو جائیگا - اس سلسلے میں ھمارے پاس ۲۲ امنڈمنٹس آئے ھیں - میں سمجھتا ھوں امنڈمنٹس کی کاپیاں آنریبل ممبرس کو پہنچ چکی ھیں - ان پر بھی ووٹ لینے کے لئے کچھ نہ کچھ ٹائم کی ضرورت ھوگی - بہر حال منڈے تک کام ختم ھو جائیگا - اگر منڈے کو ایک بجے ھم یہ کام پورا نہ کر سکیں تو ۳ بجے سے ۵ بجے یا ۶ بجے تک بیٹھہ سکتے ھیں - میں سمجھتا ھوں ھاؤس اس سے اگری ( Agree ) کریگا - دوسری چیز میں یہ کہونگا کہ ۲۲ امنڈمنٹس آئے ھیں اگر ھم ایک ایک امنڈمنٹ پیش کریں اور اس پر ووٹ لیں تو بہت وقت لگے گا - میں نے پہلے بھی ھاؤس کے کنسنٹ ( Consent ) سے ایسا کیا اور اب بھی چاھتا ھوں کہ جتنے امنڈمنٹس آئے ھیں وہ ایک ساتھ موو ( Move ) کئے جائیں - اس کے بعد جنرل ڈسکشن ھو - ھر ممبر کو اختیار رھیگا کہ امنڈمنٹ کی تائید یا اختلاف میں اپنی رائے ظاھر کرے - اسطرح وقت کم خرچ ھوگا - اگر اسکے متعلق کسی آنریبل ممبر کو کچھ کہنا ھوتو وہ ھاؤس کے سامنے اپنے ویوز ( Views ) رکھ سکتے ھیں -

**شری وی - ڈی دیشپانڈے** - اڈریس ( Address ) کے بارے میں جو ڈسکشن ( Discussion ) ھوگا اسکے متعلق ایک پائینٹ آف آرڈر پیش کرنا چاھتا ھوں - کانسٹی ٹیوشن کی دفعہ (۱۷۶) (۲) میں کہا گیا ھے کہ ........

Article 176 (2) of the Constitution of India.

> "Provision shall be made by the Rules regulating the procedure of the House or either House for the allotment of time for discussion of matters referred to in such address......"

کانسٹی ٹیوشن کی اس دفعہ کے تحت اڈریس راست طور پر بحث کے لئے لیا جاسکتا ھے اور بحث کے لئے وقت مہیا کیا جاسکتا ھے - اس دفعہ میں کوئی خاص طریقہ معین نہیں ھے - آنریبل ممبرس کو موشن آف تھینکس لانے کا ادھیکار ھے - لیکن ممکن ھے بعض آنریبل ممبرس موشن آف تھینکس ( Motion of thanks ) پر ووٹ دینا نہ چاھیں - مجھے نکتہ چینی

کرنا مقصود نہیں لیکن ہم اپنے ھاؤس کے ٹریڈیشنس ( Traditions ) قایم کر رہے ہیں - میں سمجھتا ہوں اڈریس پر راست ڈسکشن کرنا بہتر ہوگا - میں اپیل کرونگا کہ آپ اسکو کلیر ( Clear ) کریں -

مسٹر اسپیکر - میرا منشا بھی یہی ہے - جو ڈسکشن ہوگا وہ پورے معاملات پر ہوگا - آنریبل ممبر س اسکی تائید کرسکتے ہیں یا اپوز ( Oppose ) کرسکتے ہیں - ممکن ہے بعض امور میں امنڈمنٹس پیش نہ ہوئے ہوں - پھر بھی آنریبل ممبرس اسکے بارے میں رائے ظاہر کرسکتے ہیں - ٹائیم لیمٹ کے بارے میں تو آپ نے طے کرلیا ہے - البتہ میں یہ کہونگا کہ جن آنریبل ممبرس کو امنڈمنٹس موو کرنے ہیں انہیں اپنے خیالات کے اظہار کا موقع ملنا چاہئیے - پہلے امنڈمنٹس موو ( Move ) ہو جائیں تو اسکے مطابق اتفاق یا اختلاف جو بھی رائے ہو ظاہر کرسکتے ہیں -

شری - وی - ڈی - دیشپانڈے - میں سمجھتا ہوں کہ میں نے اپنا پائینٹ آف آرڈر واضح نہیں کیا -

مسٹر اسپیکر - آپ یہ کہہ رہے تھے کہ جنرل ڈسکشن کرسکتے ہیں یا نہیں -

شری - وی - ڈی - دیشپانڈے - میرا پائینٹ یہ تھا کہ ڈسکشن کے لئے ایک خاص طریقہ بتایا گیا ہے - اڈریس آف تھینکس کے لئے ممکن ہے بہت سے لوگ آمادہ نہ ہوں پھر بھی چونکہ گورنمنٹ کی پالیسی اس میں آتی ہے اس لئے ڈسکشن میں حصہ لینا چاہئیے - میں نے جس دفعہ کا رفرنس ( Reference ) دیا ہے اس میں ٹائیم الاٹمنٹ کا کوئی خاص میتھڈ ( Method ) نہیں دیا گیا ہے کہ اڈریس آف تھینکس کے ذریعہ ہی ڈسکشن ہوگا - آپ اڈریس آف تھینکس کا موشن لاسکتے ہیں - اس کے لئے کوئی اعتراض نہیں لیکن یہ لازمی نہیں کہ ایسے موشن کے ذریعہ ہی ڈسکشن کیا جائے - اڈریس راست ڈسکشن کے لئے رکھا جائے اس پائینٹ کو میں آپکے سامنے رکھنا چاہتا ہوں -

آنریبل شری - بی - رام کشن راؤ - میں سمجھتا ہوں جس پائینٹ کو آنریبل ممبر نے آپکے سامنے رکھا ہے اسکا جواب عالی جناب نے پورا نہیں دیا - اسلئے دو بارہ سوال کیاجارہا ہے - اسکے تعلق سے میں کانسٹی ٹیوشن کی دفعہ ۳ کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں - کانسٹی ٹیوشن کے تحت رولس مدون ہوئے ہیں - ہمارے ہاں بھی رولس مدون ہوئے ہیں عالی جناب نے منظور کرکے ان پرعمل کرنے کا حکم دیا ہے - لیجسلیٹیو اسمبلی رولس کے پارٹ ۳ - اے میں رول (۵۲) یہ ہے کہ -

*Rule* 52-A. (1) As soon as may be, at the commencement of every Session, the Rajpramukh shall address the Members of the Assembly :

Provided that the Speaker may, during the first Session of the Assembly after the general election, relax any rule so far as

he considers it necessary to do so, for the timely completion of urgent business.

(2) A copy of the address shall be laid before the Assembly.

52-B. After the Rajpramukh has delivered the address, a motion may be made by any member of the Assembly that an address be presented to the Rajpramukh expressing the thanks of the Assembly for his address.

52-C. (1) The motion shall be taken into consideration on a subsequent day or days to be appointed by the Speaker for the purpose and the Assembly may then discuss generally the matters referred to in the address.

(2) Amendments may be moved to the motion by way of additions at the end of the motion for raising questions of public policy.

52-D. A copy of the address as adopted shall be presented to the Rajpramukh by the Speaker.

ان رولس کی موجودگی میں میری گذارش ھے کہ آنریبل ممبر نے جو اعتراض اٹھایا ھے وہ صحیح نہیں ھے یہ ھوسکتا ھے کہ انڈین ریپلک ( Indian Republic ) کے قیام کے بعد کنگ شپ کو بدلنا پڑے - لیکن آج جو بھی کانسٹی ٹیوشن ھے اور اسکے تحت جو رولس مدون ھیں انکی پابندی لازمی ھے - کانسٹی ٹیوشن کے تحت راج پرمکھہ کا انسٹی ٹیوشن ھے - جبتک کانسٹی ٹیوشن اور اسکے رولس باقی ھیں جو طریقہ ان میں بتلایا گیا ھے اسی طریقہ پر بحث ھوسکتی ھے اسی لحاظ سے اسپیچ ھوئی - اس کے لئے اسنڈمنٹس بھی پیش ھوچکے اب یہ بحث بعد از وقت ھے - پارلمنٹری طریقہ یہ ھے کہ پریسیڈنٹ یا راج پرمکھہ یا جو بھی ھیڈ آف دی گورنمنٹ ھو اسکے اڈریس پر راست ڈسکشن نہیں ھوتا بلکہ موشن آف تھینکس کے ذریعہ ڈسکشن ھوتا ھے - آپ کسی بھی ری پبلکین کنٹری ( Republican Country ) کے کانسٹی ٹیوشن کو دیکھیں تو معلوم ھوگا کہ اسکے سوا کوئی اور طریقہ نہیں بتلایا گیا ھے - اسی طرح سے ان ھی قواعد کے تحت موشن پیش ھوا ھے اور انہیں کے تحت اسنڈمنٹس آئے ھیں لہذا ڈسکشن بھی اسی طریقہ سے ھونا چاھئے -

شری اے راج ریڈی (سلطان آباد) - دراصل پوائینٹ صرف اسقدر ھے کہ کانسٹی ٹیوشن کی ~~دفعہ ۱۷۶~~ ضمن ۲ کے تحت جو اختیارات دیئے گئے ھیں وہ کیا ھیں -

Article 176 (2) of the Constitution of India.

"Provision shall be made by the rules regulating the procedure of the House or either House for the allotment of time for discussion of the matters referred to in such address..."

رولس کے ذریعہ آپکو جو اختیار دیا گیا ہے اس میں ایسا تو نہیں کہ اس اڈریس پر بحث کےلئے وقت مقرر کیا جائے - بلکہ ایسے طریقے جو مناسب ہوں اختیار کئے جاسکتے ہیں جسکے ذریعہ اڈریس راست بحث میں لایا جاسکے - میں سمجھتا ہوں کہ یہ کانسٹی ٹیوشن کے پراویژن کے خلاف ہے کہ راج پرمکھہ کا اڈریس موشن آف تھینکس (Motion of thanks) اڈاپٹ (Adopt) کرکے ہی بحث میں لایا جائے -

آنریبل چیف منسٹر نے فرمایا کہ ہم دستور کے تابع ہیں - جبتک دستور میں ترمیم نہو اس سے ہٹ نہیں سکتے لیکن سوال یہ ہے کہ جو رولس دستور کے خلاف ہوں کیا وہ قابل عمل ہوسکتے ہیں ؟ میرے خیال میں کالعدم ہیں -

*The Hon'ble Shri V. B. Raju* (Labour Minister) : Mr. Speaker Sir. Are we discussing about the unconstitutional position of Rules, or, are we discussing on the amendments that have been proposed to a motion for which leave has already been granted and the Hon'ble Members have already sent amendments? Whether we are following the procedure laid down in the Rules or the procedure that has been laid down in the Constitution, is not the point for discussion. All this discussion—whether a motion in that form could have been allowed or not—ought to have taken place when the leave for the Motion was sought. But at this stage when the amendments are before the House, it is better that our attention is directed towards the discussion of the amendments.

شری اے - راج ریڈی - مسٹر اسپیکر - سر - میں یہ کہنا چاہتا ہوں ....

*Mr. Speaker* : Order, Order. The Hon'ble Member has already spoken and there is no occasion for him now.

شری اناجی راؤ - اس وقت ہمارے سامنے یہ سوال ہے کہ موشن آف تھینکس و امنڈمنٹس پر بحث ہو یا نہو - کانسٹی ٹیوشنلی ( Constitutionally ) جب ہم کسی چیز کو قبول کرلیں تب بھی ہم اپنی رائے کے اظہار میں آزاد ہیں - ہم لیگلی ( Legally ) ہر وقت ڈسکشن کرسکتے ہیں -
یہ لازم قرار نہیں دیا جاسکتا کہ اگر ہم کانسٹی ٹیوشن کو قبول کرلیں تو کانسٹی ٹیوشن کسی چیز کی اجازت دے تو ہم کہہ سکتے ہیں ورنہ نہیں -

مسٹر اسپیکر - کانسٹی ٹیوشن میں اگر کوئی ڈیفکٹ ہوتو اسکو ماڈی فائی (Modify) کرنے کا پروسیجر الگ ہے - اس سلسلہ میں اس وقت بحث نہیں ہوسکتی - موجودہ صورت یہ ہے کہ ہمارے پاس اڈریس کے بارے میں ایک موشن آف تھینکس آیا ہے - ہم نے اسے

اڈمٹ ( Admit ) کیا اور اس پر اسنڈمنٹس پیش کرنے کا موقع دیا گیا - میں صرف یہ جاننا چاہتا تھا کہ آیا ایک ایک امنڈمنٹ لیکر بحث کریں یا جنرل ڈسکشن ہو - صرف یہ پوائنٹ ہاؤس کے سامنے ہے اس وقت اس بحث کا موقع نہیں ہے کہ کانسٹی ٹیوشن کے تحت جو رولس بنائے گئے ہیں وہ رولس صحیح ہیں یا غلط -

" Copy of the Address shall be laid before the House."

" ...........a motion may be made by any Member of the Assembly that an address be presented to the Rajpramukh expressing the thanks of the Assembly for his address."

اڈریس کے بارے میں ہم راست بحث کرسکتے ہیں یا نہیں اسکے متعلق میں نے صاف کہدیا تھا کہ متعلقہ باتیں کہنے کا موقع ہے - میں سمجھتا ہوں کہ یہ جملہ چیزیں ریلیونٹ ( Relevant ) ہیں - جنرل ڈسکشن پہلے ہو یا بعد - امنڈمنٹس پہلے ہوں یا بعد یہ کوئی فنڈامنٹل ( Fundamental ) چیز نہیں ہے - ڈسکشن کے لئے کافی موقع ہے - میں سمجھتا ہوں کہ ہم کو ٹائیم کا بھی کچھ لحاظ رکھنا چاہئے - یہ ڈسکشن ہم نے ۹ - ۰۰ پر شروع کیا تھا آدھا گھنٹہ صرف ہوگیا - میں سمجھتا ہوں کہ جو امنڈمنٹس پیش ہوئے ہیں وہ موو ( Move ) کئے جائیں تو مناسب ہوگا - جنرل ڈسکشن کے لئے کافی موقع ملیگا -

شری اناجی راؤ - امنڈمنٹس موو ہونے سے پہلے جنرل ڈسکشن ہو تو اس میں سہولت ہوگی - ممکن ہے بہت سے امنڈمنٹس موو نہ کئے جائیں - جنرل ڈسکشن اگر پہلے ہو جائے تو اسکی روشنی میں امنڈمنٹس پر غور ہوسکتا ہے -

شری کے - وینکٹ رام راؤ - رولس کے لحاظ سے بھی جنرل ڈسکشن پہلے ہونا چاہئے اور امنڈمنٹس اسکے بعد لینے چاہئیں -

شری داور حسین - ہمارے پاس یہ طریقہ ہے کہ جنرل ڈسکشن اور امنڈمنٹس پر بحث ایک ساتھ ہوتی ہے - جیسا کہ آنریبل ممبر آف دی اپوزیشن نے کہا کہ وہ اڈریس پر پالیسی کے نقطہ نظر سے بحث کرنا چاہتے ہیں - یہ ہوسکتا ہے -

مسٹر اسپیکر - بہر حال یہ کوئی بنیادی سوال نہیں - یہ پروسیجر کی بات ہے اس پر وقت صرف کرنا میں مناسب نہیں سمجھتا - جنرل ڈسکشن ۳ دن تک ہوتا رہے تو یہ بہت زیادہ ہوگا - ہمیں امنڈمنٹس بھی موو کرنے ہیں - جنرل ڈسکشن آج ایک بجے تک چلے اسکے بعد کہیں نہ کہیں ہمیں ٹائیم کی قید لگانی پڑیگی - اسلئے اگر ڈسکشن کا سلسلہ زیادہ دیر تک جاری رہے تو میں خود آنریبل ممبرس کو کافی موقع دینے کے بعد ڈسکشن کے بند کرنے کا اعلان کردونگا -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - جیسا کہ ابھی ایک آنریبل ممبر نے ظاہر فرمایا ہے ممکن ہے جنرل ڈسکشن کے بعد امنڈمنٹس موو نہ کئے جائیں - جنرل ڈسکشن کے لئے آج ایک بجے تک اور کل پورا دن دیا جائے تو مناسب ہے اور پرسوں کا دن امنڈمنٹس کے لئے ہو -

مسٹر اسپیکر - اب جنرل ڈسکشن شروع کرنے سے پہلے میں ۱۵ - ۲۰ منٹ کا وقفہ دینا مناسب سمجھتا ہوں -

آنر یبل شری بی رامکشن راؤ - میں وقفہ کی کوئی ضرورت نہیں سمجھتا -

مسٹر اسپیکر - اگر وقفہ کی ضرورت محسوس کی جاتی ہوتو ہم دیسکتے ہیں - میں مناسب سمجھتا ہوں کہ ۱۰ منٹ کا وقفہ دیا جائے -

اب ہم اڈجرن ( Adjourn ) ہوتے ہیں -

We will meet again at 10.55 a.m. when we shall have general discussion.

The Assembly then adjourned for recess till Fifty-five minutes past Ten of the clock.

The Assembly re-assembled at Fifty-five minutes past Ten of the clock. Mr. Speaker (The Hon'ble Shri Kashinath Rao Vaidya) in the Chair.

شری سید حسن ( حیدرآباد سٹی ) - ۲۷ - مارچ کو میں نے اڈجرنمنٹ موشن ( Adjournment motion ) پیش کیا تھا - آج نو دن ہوگئے ہیں - اڈجرنمنٹ موشن کی اہمیت کا لحاظ کرتے ہوئے یہ موشن ھاؤس کے روزمرہ کے کام کو ملتوی رکھکر لیا جانا چاھئے تھا -

مسٹر اسپیکر - میں اکسپلین ( Explain ) کرچکا ہوں کہ وہ اڈجرنمنٹ موشن ھمارے پاس وصول ہوا تھا لیکن موشن کے پرسکرائیبڈ ( Prescribed ) الفاظ نہیں تھے - اسکے متعلق میں نے پرسوں ہی کہدیا تھا -

مسٹر سید حسن - اڈجرنمنٹ موشن کے لئے کانسٹی ٹیوشن میں کوئی نمونہ نہیں ہے - میں نے ڈھونڈنے کی کوشش کی - اسکے باوجود نہیں ملا - پرسوں یعنی دوسری تاریخ کو جناب کی ھدایت پر میں نے اپنا موشن آفس میں داخل کر دیا ہے - مسئلے کی اہمیت کے باوجود اسے ایجنڈے میں شامل نہیں کیا گیا -

مسٹر اسپیکر - مجھے ابھی اطلاع ملی ہے کہ موشن مقررہ طریقہ پر آفس میں آیا ہے - میں دیکھ لوں گا -

۱۳ - تاریخ کو پرتاب ریڈی صاحب نے جو موشن هاؤس کے سامنے پیش کیا تھا
اسکی تائید میں اب وہ اپنے خیالات ظاهر کریں - اسکے بعد جنرل ڈسکشن شروع هوگا -

## General discussion on the Motion for Address of Thanks to the Rajpramukh.

*Shri S. Pratap Reddy* (Wanaparti) : Speaker, Sir. I had moved the following motion for the consideration of the House :

> " that we, the members of the Hyderabad Legislative Assembly, assembled in this Session, offer our sincere thanks to His Exalted Highness the Rajpramukh for the address which he has been pleased to deliver".

Speaker, Sir, may I inquire whether I should move the motion for the first time or a general discussion follows on this ?

*Mr. Speaker* : If you want to support it with your arguments you may do so.

*Shri S. Pratap Reddy* : In this connection, Sir, I may point out that the address delivered by H.E.H. the Rajpramukh of Hyderabad is very important. The House knows that the Rajpramukh gave his address to this Hon'ble Assembly in his capacity as the Rajpramukh, the Constitutional Head of this State. According to Article 168 of the Constitution of India, in Part A States, the Governor shall address the House when it first assembles ; in Article 238 of the Constitution, it is laid down that in Part B States, the Rajpramukh will act as Governor. There can now be no question as regards the constitutional position of the Rajpramukh who came and addressed this August Assembly. Since some of the Hon'ble Members had staged a walk out on the occasion of his Address, I may be allowed to refresh their memories with a bit of the past history.

The Rajpramukh has two capacities : his capacity as Nizam of Hyderabad and his capacity as Rajpramukh of the State. When he was the Nizam, before the Indian Constitution, he used to act in his own capacity and introduce refroms. During that time, I think it was in 1946, when he introduced his own reforms in the State, he did not address the Assembly, nor did his eldest son, the Crown Prince, the Prince of Berar address the Assembly. But now, as the Constitutional Head, as the Constitutional Rajpramukh of the State, he had to come and address this Assembly.

So, the constitutional position of the Rajpramukh and the constitutional method of his address are quite clear. I think there can be no two opinions on this matter.

With regard to the importance of the address, I may state that this address lays down the policy of the present Government. But, in this connection, I may point out that the new Government has taken its office only very recently and so it had no time to formulate its detailed policies and I hope the House will not go into the details of the address and say that many of the points that have had to be elucidated are not there. The Hon'ble the Chief Minister has just now pointed out that a detailed review or criticism of the Government policy should be made at the next Session of the Assembly, a few months afterwards.

Even in this address, it has been pointed out that a new policy has been kept in view by the present Government. The most important and salient points of the address are : the food policy of the Government, the land policy of the Government, the law and order that has to be maintained in the State and the general advancement of the people of this State through the five-year plan.

Now, the food policy of the Government and especially of Hyderabad is very important. Hyderabad had been more or less a self-sufficient State. But due to bad seasons in consecutive years, recently there has been a certain trouble in some parts regarding food. The present Government has given us sufficient hope that the food policy of the Government will be in the interests of the people and that all people, rich and poor, would be satisfied with the future policy that is to be followed in respect of the food problem.

The second point is that the land policy that is being pursued by the present Government is very commendable. In 1950, the Tenancy Act was passed, by which a very great change has taken place in the condition of the once feudal state. The rich zamindars are disappearing, most of them have already disappeared and the tenants are becoming the owners of the land that they are tilling. The patta system that was before—the tenancy system that was in vogue before—is being changed to the advantage of the poor ryots and especially those that till the land. So the Tenancy Act has been one of the greatest achievements of the present Goverment. In fact, if we notice the reviews in papers, it has been

stated that Hyderabad has pursued its land policy in the best way and it is in the forefront of all other States in the Indian territory. The present Government is still not satisfied with the numerous acts that have been passed in order that sufficient land should pass into the hands of those that have not been allowed to have, till now. They are still trying to make further legislation in this respect. Of course, in the address it is not clearly shown—the other day the Hon'ble the Chief Minister, while replying to the debate on the budget clearly stated that certain changes are being contemplated in the land legislation. He instanced the case of the inams that will be turned into pattas in future ; he instanced that further limitations in the matter of land-holdings will have to be made. So we can safely trust the present Government which is carrying out the wishes of the people in the matter of land reforms. Those reforms, as and when are introduced, will surely be to the advantage of the tillers and the poor ryots.

In the address of the Rajpramukh, at the very beginning, he stated that this Session is a red-letter day in the history of the State and that we are turning a new leaf in the chapter just at this moment. Old order has changed, the feudal system has gone ; some arbitrary and autocratic methods—the firmans of the rulers, the sole wishes of the rulers—have gone for ever. The Rajpramukh himself said in his address that the times have changed and we are glad that such a statement has come from the mouth of the Rajpramukh himself.

Under the General advancement policy of the Government, the most important item is the five-year Plan. Regarding this plan, the Hon'ble Members are aware that it is being pursued throughout India and in Hyderabad also we are having a policy of a five-year plan on an ambitious basis. It has been said in the address that sufficient funds are being allotted towards the social and economic improvement of the people. It has also been said that for land reforms, for irrigation, for agricultural purposes, for education and for medicine—which are all essential things for the improvement of the people, much money has been placed at the disposal of the Government. I need not quote those figures, which have been already laid before the House. In view of the fact that, during the time of the debate on the budget, sufficient light has been thrown and criticism made which has also been replied, I need not go into those problems once again and elucidate.

Therefore, Sir, I say that this address is an important one and the Government has elucidated its policy to the extent that is necessary on this occasion, and since the Government has not formulated its own policy as yet as it very recently took over charge and is still in the very early stages I hope that the address will be accepted and the motion adopted by the Hon'ble Members of this Assembly.

شری داور حسین ( نظام آباد )- مسٹر اسپیکر- سر- راج پرمکھہ کا یہ اڈریس جس پر ہم آج بحث کررہے ہیں اس نقطہ نظر سے بڑی اہمیت کا حامل ہے کہ اس میں وہ ہستی جسکے خلاف ۔جسکے شاہی عزائم کے خلاف حیدرآباد کی رعایا نے جدوجہد کی تھی - خود رعایا کے نمائندوں کے سامنے آکر اس امر کا اقرار کرتی ہے کہ آج اسکی سات پشت کی شاہی ختم ہوچکی ہے - اور اس حیثیت کو جو اسے عطاء کی گئی ہے۔اس نے قبول کرلیا ہے - وہ حیثیت جسکو رعایا نے اپنے مرضی سے اور دستور کے مطابق اسے عطا کیا ہے اور اسکی پابندی کا اس نے حلف اٹھایا ہے اور اپنے فرض کی ادائی میں اس نے اس سشن کو مخاطب کیا ہے - راج پرمکھہ نے اپنے اڈریس کی ابتداء میں یہ کہا ہے کہ سات پشت سے آصفجاہی خاندان شاہانہ عزائم کے ساتھ یہاں حکمرانی کرتا تھا - ہم جانتے ہیں کہ بادشاہوں کا مفاد تو اپنی ذات اور اپنے اطراف کی حدتک ہی محدود رہتا ہے - حیدرآباد کے عوام کے لئے لازمی تھا کہ وہ ان شاہانہ عزائم کے خلاف جدوجہد کریں نہ صرف یہاں کے عوام یہ چاہتے تھے بلکہ ہندوستان کی آزادی کی علمبردار شخصیتیں بھی یہاں کی رعایا کی جدوجہد کے ساتھ تھیں ۔ اور انہوں نے اس جدوجہد کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا - اور بالاخر حیدرآباد نے وہ تبدیلی دیکھی اور ایک ایسا دور آیا کہ وہ شاہی جسکے خلاف جدوجہد کی گئی تھی ختم ہوگئی - ممکن ہے نظام کی شخصی حیثیت کی وجہ سے شاید بعض لوگ یہ سمجھتے ہوں کہ اب بھی سابقہ شاہی باقی ہے- لیکن کہاں وہ شاہی جو اپنی مرضی کو عوام پر نافذ کرتی تھی - وہ شاہی جسکا حکم قانون تھا - آج وہی شخصیت عوام کے بنائے ہوئے دستور کے مطابق اپنا فرض ادا کرنے کےلئے اس ایوان میں حاضر ہوئی ہے - اور جسکے متعلق میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ اسکی حیثیت عوام کے نمائندوں کی جانب سے دستور کے مطابق مامور شدہ ملازم سے بڑھ کر نہیں ہے -

کانسٹی ٹیوشن ( Constitution ) کا ایک معمولی طالب علم جانتا ہے کہ کانسٹی ٹیوشن کے تحت اگر کسی کو اقتدار اعلی حاصل ہو تو وہ شاہی کی تعریف میں نہیں آسکتا - جو شخص عوام کے دستور کی پابندی کرنے کا حلف اٹھا کر حاضر ہو وہ شاہی کا خواب نہیں دیکھ سکتا - چنانچہ راج پرمکھہ نے اپنے اڈریس میں خود کہا ہے اور اعتراف کیا ہے - جو ہمارے لئے باعث طمانیت ہے - میں عرض کرونگا کہ آج

اس تبدیلی کے لئے ہمیں اپنے ان سورماؤں کا شکرگذار ہونا چاہئے جنہوں نے اس آزادی کے لئے اپنا سب کچھ نذر دیا - خصوصاً ہندوستان کی وہ پر عظمت ہستیاں شکریہ کی مستحق ہیں جنہوں نے اس شاہی کو ختم کرنے کی جدوجہد میں ہماری رہنمائی کی - ہمکو اس اولوالعزم ہستی مہاتما گاندھی کی بارگاہ میں جذبات عقیدت پیش کرنا چاہئیے جس نے فقیرانہ شان کے ساتھ ہماری رہبری کی - جسکو راج پرمکھہ نے بھی اپنے خطبہ میں خراج عقیدت پیش کیا ہے - ہماری اس آزادی کے حصول کے لئے وہ شخصیت جس نے بھارت کی اس جدوجہد اورکشمکش میں ایک غیر مذھبی مملکت کا تصور پیش کیا اور سکولر دستور کی صورت میں نافذ کیا اور حیدرآباد پر پولس ایکشن کے بعد بھارت کے پرائم منسٹر کی حیثیت سے اس کے ساتھ اتنی ھی دلچسپی کا اظہار کررہا ھے جسکی رہنمائی بالاخر حیدرآباد کے مسئلہ کو کامیابی کے ساتھ حل کرکے رھی ، وہ ھے ہمارے پنڈت جواہر لال نہرو - جو ہمارے شکریہ کے مستحق ہیں - ساتھ ھی ساتھ خاص طور پر سورگباشی سردار ولبھہ بھائی پٹیل کی روح ہمارے جذبۂ عقیدت کی مستحق ھے کہ انکی کوششوں اور دلچسپیوں سے حیدرآباد کی روایتی شاھی اس قابل ھوسکی کہ شاھی کے بلند ترین معیار سے اترکر راج پرمکھہ کی حیثیت اختیارکرلی - اور عوام کے عطا کئے ھوے درجہ کو قبول کرلیا - اس لحاظ سے میں کہونگا یہ خطبہ بہت بڑی اھمیت کا حامل ھے - راج پرمکھہ کے تعلق سے انکے خلاف جب وہ بحیثیت راج پرمکھہ یہاں آئے تھے ہمارا کسی قسم کے جذبہ کا اظہارکرنا خود اپنے دستور سے روگردانی کرنے کے مماثل ھوگا - اس لحاظ سے میں اس خطبہ کو ایک تاریخی حیثیت کا حامل سمجھتا ھوں - راج پرمکھہ بھی اپنے اس اعتراف کی وجہ سے ہمارے شکریہ کے مستحق ہیں -

مسٹر اسپیکر- سر- اگر اس خطبہ میں صرف یہی اعتراف ھوتا تو بھی ھم اسے بڑی اھمیت کا حامل سمجھتے - راج پرمکھہ نے اس میں ھمیں ان مسائل کی جانب متوجہ کیا ھے جنپر عوامی حکومت کو چلنا ھے - اس نقطہ نظر سے جب ھم دیکھتے ھیں تو معلوم ھوتا ھے کہ انہوں نے در حقیقت عوام کی ترقی اور بھلائی کے کسی گوشہ کو نہیں چھوڑا ھے جس پر حکومت عمل کرکے کامیابی حاصل کرسکتی ھے -

مسٹر اسپیکر- سر- ھاؤس جانتا ھے حیدرآباد کا سب سے بڑا مسئلہ زمین کا ھے یہ مسئلہ بعض سیاسی اداروں کی جدوجہد کی وجہ سے بڑی اھمیت حاصل کرچکا ھے - لیکن یہ مسئلہ در اصل پہلے بھی حل طلب تھا اور عوام کی حکومت کے آنے کے بعد عوام کا اس جانب توجہ دلانا ایک فطری امر ھے - اس لحاظ سے راج پرمکھہ نے اپنے خطبہ میں عوام کے زمین کے مسئلہ کو اھمیت دی ھے - سابقہ حکومت نے اس جانب توجہ دیکر ایک ایسا حل نکالا ھے کہ کاشتکار زمین کا مالک بنجاتا ھے - اس نوبت پر میں یہ عرض کرونگا کہ جب راج پرمکھہ کے خطبہ میں ھم اس مسئلہ کو سب سے پہلے درجہ پر دیکھتے ھیں تو ممکن ھے بیرونی دنیا یہ خیال کرے کہ سیاسی جماعتوں کی

اس جانب جدوجہد کی وجہ ممکن ہے اس مسئلہ کو اولیت دیگئی ہو لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ مسئلہ فی الواقعی عوام کےلئے تصفیہ طلب تھا اور راج پرمکھہ نے آج سب سے پہلے عوامی حکومت کو صحیح طور پر اس جانب متوجہ کیا - جب یہ مسئلہ حل ہو جائیگا تو وہ جماعتیں جواس مسئلہ کواپنی جدوجہد کی آڑ بنائےہوئی ہیں وہ میری رائے میں اس حربہ سے محروم ہو جائینگی - اور مجھے اندیشہ ہے کہ کوئی متبادل حربہ کے متلاشی ہوجائیں - میں یہ عرض کرونگا کہ پولیس ایکشن کے بعد کچھ جذباتی رنگ میں بعض ایسی کارروائیاں ہوئیں جو عوام پر اثر ڈالنے کےلئےاس وقت اختیار کی گئیں- جسکے نتیجہ میں ایک بہت بڑا طبقہ بیروزگار ہوگیا - ابالیشن ( Abolition ) آف جاگیر - زبان کی تبدیلی - فوج کی برخواستگی وغیرہ کے ضمن میں بہت سے لوگ روزگار سے محروم ہوگئے - اس بیروزگاری کی زد میں جو طبقہ آیا وہ ملک کا (Intellegentia) ہے - ہر ترقی پسند حکومت اور ولفیر اسٹیٹ ( Welfare State ) کا فرض ہے کہ وہ اپنے عوام کی ضروریات فراہم کرے - اتنی بڑی تعداد روزگار سے محروم ہونے پر ملک میں بیچینی پیدا ہونا فطری امر ہے - زمینات کے مسئلہ کے ساتھ ساتھ بیروزگاری کا مسئلہ بھی حکومت کی مخالفت کرنے والی جماعتوں کےلئے ایک آلہ کار بنجانا بعید از قیاس بات نہیں - راج پرمکھہ کی دور رس نظروں نے اس اہم مسئلہ سے صرف نظر نہیں کیا ہے - اس وقت میں ان بیروزگاروں کی صحیح تعداد نہیں بتلاسکتا جو پولیس ایکشن کے بعد کی تبدیلیوں اور اصلاحی اسکیموں کی وجہ سے روزگار سے محروم کردیئے گئے ہیں- میں نے اخبارات کےوہ فیگرس جو وقتاً فوقتاً شایع ہوتے رہتے ہیں- ان سے یہ معلوم کیا ہے کہ بیروز گاروں کی تعداد کیا ہے - اخبار ”منزل“ مورخہ ۱۷ - سپٹمبر سنہ ۱۹۵۱ء کی اشاعت میں پنڈت جواہر لال نہرو کے نام ایک کھلے خط کے عنوان سے جو تعداد بتائی گئی ہے - گو یہ تعداد کاملا صحیح تسلیم نہیں کی جاسکتی لیکن اس میں کچھ نہ کچھ واقعیت ضرور ہے - اس اخبار نے بتایا ہے کہ فوج - آرمی ہیڈ کوارٹر - عرب فوج - علی غول - صرفخاص - جاگیرات سمستانات - راشننگ اور حیدرآباد کمرشیل کارپوریشن وغیرہ سے جو کم مواجب ملازمین علحدہ کئے گئے ہیں اورگور والا کمیٹی کی سفارشات کے تحت جو ملازمین علحدہ ہوئے ہیں ان سب کی مجموعی تعداد (۲۳۸۷۵۳) ہے یہ ایک سال پہلے کے فیگرس ہیں معلوم نہیں ابتک اس میں کتنا اضافہ ہوا ہے - اگر یہ فرض کیا جائے کہ ایک خاندان اوسطاً پانچ افراد پر مشتمل ہے تو اسطرح متذکرہ بیروز گاری سے متاثر ہونے والوں کی تعداد ۱۱ لاکھ سے زیادہ ہوتی ہے - یہی نہیں بلکہ اسپلائیمنٹ اکسچینج کی رپورٹ دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ را میٹیریل (Raw Material) نہ ملنے کی وجہ سے آئےدن کئی کارخانے بند ہو رہے ہیں جسکی وجہ سے کامرس اینڈ انڈسٹریز (Commerce & Industries) کے شعبے میں بھی بیروزگاروں کی فوج میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے - اسطرح ایک بڑی تعداد ایسی ہے جو وسائل روزگار سے محروم ہے اور معاشی مسائل کا حل نہ ملنے کی وجہ سے معاشی ابتری میں مبتلا ہے - حکومت کا فرض ہے کہ انکے معاشی مسائل کے

جن کی جانب متوجہ ہو۔ جونہی الیکشن کے بعد اگر عوامی حکومت کو جایزہ لینے کا موقع ملتا تو مسائل کو اسطرح حل نہ کیا جاتا کہ ملک کے سامنے اور مسائل کھڑے ہو جائیں - میں اس مسئلہ پر زیادہ بحث کرنا نہیں چاہتا مگر اتنا عرض کرونگا کہ ملک کی بیروزگاری کے مسئلہ کو اولیت دیکر حل کرنا موجودہ عوامی حکومت کا فرض اولین ہونا چاہئے - یہ مسئلہ ایسا ہے جسکو اهمیت دیکر دوسری جماعتیں عوام میں بیچینی پیدا کرکے اپنے لئے سیاسی کشمکش کا ذریعہ بنا رہی ہیں - ہم دیکھتے ہیں شہر اور دوسرے مقامات پر جیسے ہوتے ہیں اور عوام کو انکی ان تکالیف کی جانب متوجہ کیا جارہا ہے۔ میں یونین کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ عوام کا مڈل کلاس (Middle class) طبقہ جو بیروزگاری سے متاثر ہوا ہے حکومت سے اپنی خیرسگالی کا جذبہ نہیں رکھتا - اور دوسری جماعتیں میٹھی میٹھی باتوں کے ذریعہ سے عوام کی اس بیچینی اور ناراضگی سے فایدہ اٹھانے کا عزم رکھتی ہیں - وہ ہمارے ملک کے ترنگے راشٹریہ جھنڈے کی بجائے دوسرا جھنڈا نصب کرنا چاہتی ہیں لہذا میں یہ کہونگا کہ اس مسئلہ کو انکے ہاتوں میں آلہ کار بننے کا موقع نہ دیا جائے بلکہ لینڈ پرابلم ( Land Problem ) کے حل کے ساتھ ساتھ اس مسئلہ کے حل کی کوئی نہ کوئی موثر صورت نکالی جائے - چنانچہ راج پرمکھہ کی دور رس نظر نے اس مسئلہ کی جانب توجہ کی ہے - اور اڈریس کے صفحہ ۳ پر راج پرمکھہ نے فرمایا ہے کہ :-

"A more rational redistribution of agricultural lands is called for, although it must be addmitted that even this, by itself, is not going to solve the problem of unemployment, unless other avenues of employment are explored."

تو اسطریقہ سے راج پرمکھہ نے ان امپلائیمنٹ ( Un-employment ) کے مسئلہ کو دور کرنیکا اپنی حکومت کو مشورہ دیا ہے۔ اور ہدایت کی ہے کہ ہر ممکن طریقہ سے ایسے گوشے تلاش کئے جائیں جن سے بیروز گاری کے مسائل حل ہوں - بیروزگاری کا مسئلہ میرے خیال میں لینڈ پرابلم سے کم نہیں ہے - اس لحاظ سے راج پرمکھہ نے اس مسئلہ کے حل کی جانب جو توجہ دلائی ہے اس کےلئے وہ ہمارے شکریہ کے مستحق ہیں -

مسٹر اسپیکر سر - راج پرمکھہ نے اپنے اڈریس کے صفحہ ۵ پر ملک کی موجود ضروریات کی طرف توجہ دلاتے ہوئے یہ فرمایا ہے کہ :-

"Certain parts of Telangana have become the scene of violent activities by anti-social elements masquerading under different garbs and exploiting the situation created by the poverty of the peasants and workers, the existence of a feudal setup, and a defective administrative system."

اور انہوں نے یہ بیان کیا ہے کہ تلنگانے میں غیر سماجی عناصر مختلف اشکال میں اس صورت حال سے فائدہ اٹھارہے ہیں جو پیزنٹس اینڈ ورکرس (Peasants and Workers) کی پاورٹی - فیوڈل سٹ اپ ( Feudal setup ) اور ڈفکٹیو اڈمنسٹریٹیو سسٹم -

) Defective Administrative System ) کی وجہ سے پیدا ہوگئی ہیں
راج پرمکھ نے یہ منشاء ظاہر کیا ہے کہ موجودہ حکومت غربت کے دور کرنے کی جانب توجہ کرے - پانچ سالہ پلان میں ایسی پالیسی اور اسکیم کی تفصیلات بھی بیان کی گئی ہیں جنکا راج پرمکھ نے اپنے اڈریس میں تذکرہ فرمایا ہے -لیکن اڈمنسٹریٹیو سسٹم کے ڈیفکٹس ( Defects ) تسلیم کرنے کے باوجود کوئی ایسا پلان نہیں بنایا گیا جس سے حکومت - راج پرمکھ کا منشاء واضح طور پر سمجھنے میں حق بجانب ہوتی - ابتداء میں اس مسئلہ کی وضاحت تو کی گئی ہے لیکن آخری حصہ میں کسی حل کی جانب توجہ نہیں دلائی گئی ہے بلکہ صرف یہ کہا گیا ہے کہ :-

> " It has been decided to return within a couple of months all the remaining police forces requisitioned from the neighbouring States. "

غلط فہمی یہ پیدا ہوسکتی ہے کہ راج پرمکھ نے صرف باہر کی پولس کی واپسی کا ذکر کیا ہے لیکن سیول ٹیم ( Civil Team ) کی واپسی کا خاص طور پر ذکر نہیں کیا - تا ہم مختلف بیانات جو ایوان میں دئے گئے اور خود چیف منسٹر نے بھی جنکو تسلیم کیا ہے ان سے صاف ظاہر ہے کہ حکومت سیول ٹیم کی واپسی کا بھی رجحان رکھتی ہے - اچھا ہوتا اگر راج پرمکھ کے خطبے میں بھی اسکی صراحت ہو جاتی - راج پرمکھ نے اپنے خطبہ میں ان تفصیلات کا ذکر کیا ہے - جن پر پانچ سالہ پلان کے تحت ہماری حکومت عمل کرسکتی ہے - اور ایسی اسکیمات کو شریک کرنے پر زور دیا ہے جنکے متعلق صحیح طور پر یہ قرار دیا جاسکتا ہے کہ اسٹیٹ کی خوشحالی کےلئے یہ ضروری ہیں - چنانچہ آپ نے فرمایا ہے کہ :-

> " It is hoped that it will be possible to persuade the Central Government to accept our proposals and include the Godavari and Lower Krishna Projects as well as the Hydro-Electric Project of Tungabhadra in our first Five-Year Plan,"

راج پرمکھ نے صحیح طور پر عوام کی ترجمانی کی ہے اور موجودہ حکومت پر اصرار کیا ہے کہ وہ ان اسکیمات کو روبہ عمل لانے کی جانب توجہ کرے - اس مسئلہ پر آنریبل منسٹرس کو نہ صرف ہماری تائید حاصل رھیگی بلکہ حزب الاختلاف کے آنریبل ممبرس کی تائید بھی حاصل رھیگی - ان مسائل کو آئندہ پلان میں شامل کرنا عوام کی صحیح خدمت گذاری کی دلیل ہے -

لیکن ساتھ ساتھ راج پرمکھ کے اڈریس کے صفحہ ۷ پر ان مصارف کے تعلق سے جو مختلف اسکیمات کو روبہ عمل لانے کے سلسلہ میں گورنمنٹ پر عاید ہونگے کچھ جملے بیان کئے گئے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ راج پرمکھ کا منشاء یہ ہے کہ عوام مزید ٹیکیزیشن ( Taxation ) کو قبول کرنے پر آمادہ رہیں - کہا گیا ہے کہ :

> " I feel you will agree that in the interests of a prosperous future it is worthwhile our making some sacrifice in the present, "

میں سمجھتا ہوں کہ اسکے ذریعہ عوام کو آیندہ ٹیکزیشن قبول کرنے پر آمادہ کیا گیا ہے لیکن میں یہ کہونگا کہ حیدرآبادی عوام کی مفلوک الحالی و پریشانی اس امر کی اجازت نہیں دیتی کہ مزید کسی ٹیکس کو برداشت کرے خصوصاً ایسی صورت میں کہ وہ آج بھی ٹیکسس ( Taxes ) کے بار سے دبے ہوئے ہیں - ساتھ ساتھ ہمیں یہ بھی غور کرنا ہے کہ جو مختلف اسکیمات ہمارے سامنے ہیں انہیں روبہ عمل لانا بھی ضروری ہے لہذا ہمیں ان اسکیمات پر عمل کرنے کے لئے کوئی متبادل صورت نکالنی ہی ہوگی - ہمنے سابقہ گورنمنٹ کے متعلق سنا تھا کہ حیدرآباد گورنمنٹ کا (۸۰۰) کروڑ روپیہ رزرو ( Reserve ) ہے - مجھے نہیں معلوم کہ کتنا خرچ ہوا ہے اور پولس ایکشن کے بعد حقیقی مقدار کتنی باقی ہے اس سے متعلق میں نے ایک کوسچن ( Question ) بھی روانہ کیا ہے جسکا مجھے ابتک کوئی جواب نہیں ملا - لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس (۸۰۰) کروڑ کے رزرو ( Reserve ) کا بڑا حصہ سنٹرل گورنمنٹ کو منتقل کیا گیا ہے - جیسا کہ آنریبل چیف منسٹر نے اپنی بجٹ کی اسپیچ میں فرمایا تھا کہ اس وقت کے فینانس منسٹر نے عوام کے نقطہ نظر کو سنٹرل گورنمنٹ کے سامنے ظاہر کرنے کی کوشش کی تھی لیکن اوس حکومت کو عوام کی پوری قوت حاصل نہیں تھی - آج جبکہ پاپولر گورنمنٹ برسراقتدار ہے اور ہمیں ان اسکیموں کو روبہ عمل لانے کے لئے کافی رقم درکار ہے - موجودہ حکومت کو اس امر کا پر زور مطالبہ کرنا چاہئے کہ سنٹرل گورنمنٹ اس رزرو کو واپس کردے اور میں سمجھتا ہوں کہ میری یہ استدعا اس ہاؤز کی متفقہ رائے ہوگی - اور مجھے توقع ہے کہ جب ہمارے عوامی وزرا جمہور کی رائے کے زور پر سنٹر کے سامنے ہمارے رزرو ( Reserve ) کی واپسی کا مطالبہ پیش کرینگے تو رزرو ( Reserve ) واپس کردیا جائیگا - اس حل کے ذریعہ بغیر کسی ٹیکزیشن کے ہم اپنی ان اسکیموں کو روبہ عمل لاسکتے ہیں -

آخر میں راج پرمکھ نے حیدرآباد کی کلچرل یونٹی ( Cultural unity ) کا ذکر کیا ہے - ہم حیدرآبادی پولیس ایکشن سے قبل کے چند دنوں کو چھوڑ کر اپنی فرقہ وارانہ ہم آہنگی و بلا لحاظ مذہب و ملت یکجہتی پر فخر کرسکتے ہیں - اور نظیر کے طور پر حیدرآباد کو پیش کیا جاسکتا ہے - اس میں شک نہیں کہ ہندوستان کی فضا متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ ہماری یونٹی ( Unity ) بھی متاثر ہوئی - بحیثیت سنس آف دی سائیل ( Sons of the soil ) ہمارا یہ فرض ہونا چاہئے کہ ہم اپنی یکجہتی کو پھر سے واپس لائیں - چنانچہ راج پرمکھ نے بھی اپنے خطبہ میں اس مسئلہ کی جانب توجہ دلائی ہے جو شکریہ کی مستحق ہے - آخر میں راج پرمکھ نے فرمایا ہے کہ :-

"I will make only one other observation before I close. The conception of a secular State is one of the fundamental principles of the Indian Constitution. It is essential that this conception must be translated into practice in our daily lives."

راج پرمکھہ نے اپنے خطبہ میں یہ فرمایا ھے کہ ہم بھارتیوں کو جس اصول کو پیش نظر رکھکر آگے بڑھنا ھے وہ سیکیولرزم (Secularism) ھے۔ بھارت میں سکیولر گورنمنٹ کا تصور اس واحد پرعظمت شخصیت کی اپج کا نتیجہ ھے جس نے بھارت کی ناؤ کو انتہائی کامیابی کے ساتھ ساحل مراد پر پہنچایا ۔ وہ ھیں بھارت کے وزیر اعظم ھمارے شری پنڈت جواھرلال نہرو جنھوں نے سیکیولر اسٹیٹ کا تصور بھارت میں پہلی مرتبہ پیش کیا وھی اس نظریہ کو دستور میں منضبط کرانے کے ذمہ دار ھیں۔ اوس وقت یہ خیال نقار خانہ میں طوطی کی آواز سمجھاجارھا تھا ۔ لیکن یہ پر عظمت شخص اپنے گرو مہاتما گاندھی کی مثال کو سامنے رکھکر آگے بڑھتا رھا ۔ اور اس نے اس تصور کو نہ صرف دستور میں داخل کرایا بلکہ عوام کو بھی اس جانب راغب کرایا ۔ اس کے لئے اس نے اپنی سمکنہ کوششیں کیں ملک کے طول و عرض میں دورہ کیا گو اس تصور کے خلاف آوازیں بلند ھوئیں لیکن کامیاب نہوسکیں ۔ میں یہ کہونگا کہ بھارت کے لئے سیکولرزم کا تصور انتہائی ضروری ھے۔ اور اس پر عمل پیرا ھونے کے لئے بہادری سے آگے بڑھنے کی ضرورت ھے ۔ راج پرمکھہ نے اپنے اڈریس میں اس اصول کو پیش کرکے موجودہ وزارت کو اس جانب متوجہ کیا ھے ۔ پولس ایکشن کے بعد یہاں کے جو حالات ھوئے وہ کسی سے مخفی نہیں ھیں ۔ ایسے موقع پر اس تصور کی تائید میں یہاں آواز بلند کرنے والا صرف ایک ھی شخص تھا وہ ھیں مسٹر ایم ۔ نرسنگ راؤ جو ھماری خوش قسمتی سے آج یہاں ایوان میں موجود ھیں مگر افسوس ھے کہ وہ جنھیں اپنی اصول پرستی کی بناء پر اعلی ترین مرتبۂ پر ھونا چاھئے تھا وہ آج پچھلی نشستوں پر بیٹھے ھیں ۔ اس میں شک نہیں کہ یہ تصور انتہائی ضروری ھے لیکن جب تک ھم اس تصور کی تائید کے لئے اپنا سب کچھ خطرہ میں ڈالکر اسے آگے نہ بڑھائیں بہتر نتائج نہیں نکل سکتے ۔ راج پرمکھہ نے توقع ظاھر کی ھے کہ اس تصور کو پیش نظر رکھکر ھم آگے بڑھینگے ۔ اور میری یہ تمنا ھے کہ ھمارے وزراء اس تصور کو اپنے دور کارگزاری میں پیش نظر رکھیں ۔

ان چند الفاظ کے ساتھ میں تھینکس موشن کی تائید کرتا ھوں ۔

**شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے** (اپا گوڑہ)۔ ادھیکش مہودے۔ راج پرمکھہ کا جو اڈریس ھمارے سامنے آیا ھے اس پر اپنے خیالات ظاھر کرنے سے پہلے میں ھاؤس کے سامنے ایک چیز رکھنا چاھتا ھوں ۔ وہ یہ کہ جس اٹماسفیر ( Atmosphere ) میں ھم بیٹھے ھیں وہ آج کچھ ان ریل ( Unreal ) سا معلوم ھورھا ھے۔ جیسا ھونا چاھئے تھا ویسا نہیں معلوم ھوتا ۔

آنریبل ممبرس حیدر آباد میں ایک عام چناؤ کے بعد یہاں جمع ھوئے ھیں ۔ شاید وہ یہ بھول رھے ھیں کہ حیدر آباد میں ایک انقلابی مومنٹ ( Movement ) ھوا ۔ جسکے نتیجہ کے طور پر ان کے سامنے ایک نئی چیز آئی ۔ لیکن جو خیالات ظاھر کئے گئے

ھیں اور جو باتیں بیان کیگئی ھیں ان سے ایسا معلوم ھوتا ھے کہ یہاں کوئی بڑا انقلابی موومنٹ ھوا ھی نہیں ۔ اگر یہاں کوئی نیا شخص آئے اور ان مباحث کو سنے تو شاید اسے شبہ ھو کہ یہاں کچھ بھی نہیں ھوا ۔ جس چیز کے حصول کے لئے ھمارے لاکھوں بہ ئیوں ۔ کسانوں ۔ مزدوروں اور اوسط طبقہ کے لوگوں نے قربانیاں دی ھیں کیا وہ چیز ھمیں حاصل ھوگئی ؟ اور اگر نہیں ھوئی تو کیوں نہیں ھوئی؟ مجھے تو ایسی کوئی چیز نظر نہیں آرھی ھے۔ البتہ خود کو سمجھانے اور بہلانے کی کوشش کی جارھی ھےاور یہ سمجھا جارھا ھے کہ جو کچھ ملنا چاھئے تھا وہ مل چکا ھے۔ اور ھمیں اسی راستے سے آگے بڑھنا ھے ۔ مجھے اس کا سخت افسوس ھے کہ عوام کے جو سچے احساسات اور مانگیں ھیں ان کی صحیح ترجمانی نہیں کیجارھی ھے ۔ اگر ھم یہ نہ کر سکیں تو اپنا کر تیو یہ ( कर्त्तव्य ) جیسا اداکرنا چاھئے نہیں کر رھے ھیں ۔ آج ھاؤس میں جو اڈریس بحث کے لئے آیا ھے۔ اس میں ھمیں یہ دیکھنا ھے کہ جن مقاصد کے تحت حیدر آباد کی ریاست میں عوامی جدوجہد ھوئی کیا وہ مقاصد اس اڈیس سے حاصل ھوگئے ۔ چند دنوں پہلے جب اس ھاؤس میں یہ اڈریس پڑھا گیا تو ھم میں سے چند لوگ ھاؤس میں نہ تھے ۔ اس کے بارے میں بار بار یہ کہا جارھا ھے کہ آپ نے دستور کی خلاف ورزی کی آپ نے جس چیز کو مانا تھا ٹھکرا دیا ۔ اپنے وعدوں پر قائم نہیں رھے۔ اگر ایسا ھی ھے تو میں کہتا ھوں کہ اس طریقے سے وعدہ توڑنے اور دستور کے خلاف جانے میں ھمارے دوست اکیلے نہیں ھیں ۔

دستور کی تاریخ میں کئی ایسی مثالیں ھیں کہ جب عوام پر کوئی ایسی چیز لادی گئی تو نیشنل موومنٹ کے طور پر عوام نے اپنی آواز اٹھائی ھے ۔ میں آپکو یہ یاد دلانا چاھتا ھوں کہ نیشنل موومنٹ میں حالانکہ بادشاہ کا حلف اٹھایا گیا لیکن کئی مرتبہ عوام کی ترجمانی کے لئے پروٹسٹ کیا گیا ۔ واک اوٹ کیا گیا ۔ اور اسطرح اپنی آواز پہنچائی گئی ۔ آج جبکہ کانگریس کی گورنمنٹ ھے اور ھم بادشاہ کو نہیں مانتے ھیں تو ھمارا پہلا فرض عوام کے احساسات کی صحیح ترجمانی کرنا ھے ۔ میں آنریبل ممبرس سے یہ اپیل کرونگا کہ وہ دو نقاط نظر سے اس مسئلہ پر غور کریں ۔ میں آپ سے پوچھتا ھوں کہ عوام سے آپ نے جو وعدے کئے تھے کیا وہ پورے کئے گئے ؟ آپ نے عوام کے سامنے کیا چیرشڈ گول ( Cherished goal ) رکھا تھا ۔ کیا آپ نے انہیں اس گول تک پہنچادیا ۔ آپ نے جو رزولیوشن ۳۰ ۔ نومبر سنہ ۱۹۴۸ع کو پاس کیا تھا ۔ وہ ریفرشنگ میموری ( Refreshing Memory ) کے لئے آپکے سامنے پیش کرتا ھوں ۔

"The destiny of Hyderabad should be primarily decided by the people of Hyderabad, for which it is necessary that a Constituent Assembly elected on the basis of adult franchise and joint electorate be constituted at the earliest. It should be free to decide all matters including the future of the Nizam and the State and the form of its integration with the rest of India."

اس ریزولیوشن میں صاف صاف یہ کہا گیا کہ حیدر آباد کا فیصلہ کرنے کے لئے بالغ رائےدھی

کے اساس پر دستور ساز اسمبلی بلائی جائے - میں آپ کی توجہ لفظ "جلد سے جلد" پر مبذول کرانا چاھتا ھوں - رزولیوشن میں یہ بتایا گیا ھے کہ حیدر آباد کا مستقبل کیا ھوگا نظام کا مستقبل کیا ھوگا - اور ریاست حیدر آباد ھندوستان کے ساتھ کسطرح ( Integrate ) انٹیگریٹ کریگی - اس کا فیصلہ کانسٹی ٹیویٹ اسمبلی ( Constituent Assembly ) کے ذریعہ عمل میں آئےگا - پولیس ایکشن کے بعد آج کی حکمران پارٹی کے اجلاس میں جہاں ہزاروں عوام کے نمایندے شریک تھے وھاں یہ قرار داد پاس کی گئی - آج وھی پارٹی دوسری پارٹی پر نکتہ چینی کرتے ھوئے یہ کہتی ھے کہ دوسری پارٹیاں عوام کو سبز باغ بتاتی ھیں تو میں آپ سے پوچھتا ھوں کہ پولیس ایکشن سے پہلے اور بعد آپ نے عوام سے جو اس قسم کے وعدے کئے تھے کیا وہ سبز باغ نہ تھے اور اگر آپ درحقیقت ان چیزوں کو عمل میں لانے والے تھے تو آج انکے متعلق ایک لفظ بھی کیوں نہیں کہا جاتا - جب آپ یہ محسوس کرتے ھیں تو واضح طور پر ظاھر کیوں نہیں کرتے جسطرح آپ فینانس کے بارے میں کہتے ھیں کہ سب عوامی ممبروں کی مدد سے سنٹرل گورنمنٹ کے سامنے اپنے ۸ سو کروڑ کے رزرو ( Reserve ) کی واپسی کا مطالبہ کیا جانا چاھئیے - تاکہ ھم اپنی اسکیمات کو عمل میں لاسکیں - ھاؤس کا چھوٹا حصہ ھو یا بڑا حصہ یہ چاھتا ھے کہ ان سوالوں کے بارے میں گورنمنٹ آف انڈیا سے دریافت کرے - اسی طرح ھم بھی یہ مطالبہ کرسکتے ھیں کہ ھم پر جو فیصلہ لادا گیا ھے اس کے بارے میں رفرنڈم لیا جائے - آپ ایسا کیوں نہیں کرتے ؟ آج ایک پارٹی کے ھاتھ میں حکومت کی باگ ڈور آگئی - چند اشخاص منسٹرس بن گئے - کیا اس سے عوام کے مقاصد اور مسائل حل ھوگئے ؟ لیکن میں یہ کہونگا کہ جو عوام کے سچے سیوک ھیں وہ آخر دم تک لڑتے رھتے ھیں - وہ کسی طرح عوام کو نظر انداز کرکے کامپرومائیز ( Compromise ) کرنے کے لئے راضی نہیں ھوسکتے - لیکن ھم دیکھتے ھیں کہ جب اس بارے میں آواز اٹھائی جاتی ھے تو اس کے سر پر دستور کی کتابیں مسلط کردی جاتی ھیں - ان وعدوں کو بھلا دیا جاتا ھے جو حیدر آباد اور نظام کے مستقبل کے متعلق عوام سے کئے گئے تھے کہ کانسٹی ٹیونٹ اسمبلی ان کے متعلق فیصلہ کرے گی - خود پنڈت جواھر لال نہرو نے یدر آباد کے مستقبل کے بارے میں عوام سے جو وعدے کئے تھے وہ آپ کو سنانا چاھتا ھوں -

"What we want is that as far as it is humanly possible the people of the State should decide. Our policy is that the people should decide every debatable point. That is our policy which we have always put forward in regard to any State including Hyderabad."

۱۲ - مارچ سنہ ۱۹۴۸ع کو پارلیمنٹ کے سامنے تقریر کرتے ھوئے پنڈت نہرو نے یہ کہا تھا کہ ھماری پالیسی یہ ھے کہ اگر کسی مسئلہ پر دو طریقوں سے غور کیا جاتا ھو

اور یہ مسئلہ بحث طلب ہو تو ایسے مسئلہ کا فیصلہ عوام کرینگے - ایک اور اعلان میں انہوں نے کہا ہے کہ -

" About Hyderabad as about other States our policy has been that ultimately the people of the State must decide their future. We shall abide by their decision in any State. That is our policy laid down months ago in August last. That applies to Hyderabad as to any other State. We stand by the same."

سنہ ۱۹۴۸ء میں ورنگل کے ایک بیان میں بھی انہوں نے کہا ہے کہ " آخر میں عوام ہی مسئلہ کا فیصلہ کرینگے - یہ ہماری پالیسی ہے اور حیدرآباد کے بارے میں بھی ہمارا یہی طریقہ رہیگا "- اپنے ایک اور بیان میں کہتے ہیں کہ :-

" Popular responsible Government in Hyderabad or in other State or Provinces of India has been our objective. However, in conformity with the principles that we have readily proclaimed, we are agreeable that the future of Hyderabad should be determined after reference to the people, provided such a reference was made under free conditions."

یہ کہا گیا ہے کہ عوام کے مستقبل کا فیصلہ عوام کی مرضی سے کیا جائیگا - لیکن کیا حیدر آباد کے حالات ایسے ہیں کہ عوام آزادی سے اپنی رائے دے سکیں - پولیس ایکشن کے تین سال بعد بھی کیا آج ایسے حالات پیدا نہوسکے کہ آپ عوام سے پوچھ سکیں - کیا اس اسمبلی کو کم ازکم رکٹیفائی ( Rectify ) کرنے کا بھی اختیار نہیں دیا جاسکتا تھا - اس حق کے لئے کیوں مطالبہ نہیں کیا گیا ؟ ہم وزراء سے پوچھتے ہیں کہ ایسا کیوں نہیں کیا گیا ؟ جب کشمیر میں شیخ عبداللہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ عوام کو کشمیر کے مستقبل اور وہاں کے حکمران کی ڈیسٹینی ( Destiny ) کے بارے میں فیصلہ کا پورا پورا اختیار حاصل ہے تو میں پوچھتا ہوں کیا حیدر آباد کے وزراء پنڈت نہرو سے اپنا یہ حق طلب نہیں کر سکتے ؟ میں آپ کو وہ تراشہ پڑھکر سناتا ہوں جس میں شیخ عبداللہ نے یہ کہا ہے کہ عوام کو پورا پورا اختیار ہے کہ اپنی ریاست اور بادشاہ سے متعلق آخری اور قطعی فیصلہ کریں . . .

" Telling us that supreme sovereignty rests with the Indian Parliament is to challenge the very basis of the principle of our sovereign body with undisputed power to decide the future of even hundered year-old Royal dynasty, not to speak of a few big zamindars."

زمینداروں کو معاوضہ دینا چاہئے یا نہیں اسکے متعلق آنریبل ممبرس نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے - یہ کہنا کہ ہند پارلیمنٹ نے فیصلہ کیا ہے اس لئے ہم کچھ نہیں کہہ سکتے - میرے خیال میں یہ عوام کے حقوق اور اقتدار اعلی کے خلاف جانا ہے معاوضہ کی ادائی اور بادشاہ کے قایم رکھنے یا نہ رکھنے کے متعلق جب شیخ عبد اللہ یہ کہتے ہیں کہ اسکے تصفیہ کا حق عوام کو ہے تو کیا وجہ ہے کہ ہماری حکمران جماعت کانگریس پارٹی ایسا نہیں کرسکتی - ظاہر ہے اسکے دو وجوہ ہوسکتے ہیں - ایک

تو یہ کہ آپ نے اپنا مطالبہ چھوڑ دیا ہے اور اسی طرح سب سبیو ( Submissive ) ہوگئے ہیں جس طرح برطانوی زمانہ میں نظام رہا کرتا تھا ۔ دوسرے یہ کہ آپکو چند وزارتیں مل گئی ہیں اور وہ بہت کافی ہیں ۔ میں دعوی سے کہتا ہوں کہ اگر آپ رفرنڈم ( Referendum ) لیں تو مجھے یقین ہے کہ فیصلہ اسکے خلاف ہوگا ۔ اور جنتا یہ فیصلہ دے گی کہ حیدرآباد کو زبان کے لحاظ سے الگ الگ حصوں میں تقسیم کردینا چاہئے اور نظام نہونا چاہئے ۔ لیکن آپ ایسی جرات نہیں کرتے ۔ ہمارے سامنے ایک خطبہ رکھا جاتا ہے اور جب ہم اس خطبہ کے خلاف احتجاج کے طور پر واک آوٹ کرتے ہیں تو ہمارے سامنے دلیلیں پیش کی جاتی ہیں کہ یہ کانسٹی ٹیوشن کے خلاف ہے ۔ آپ نے اسکی خلاف وزری کی ہے ۔ اوسکی خلاف ورزی کی ہے ۔ لیکن آپ یہ نہیں دیکھتے کہ آپنے عوام کو جو کمٹمنٹس ( Commitments ) دیئے تھے انکی بھی خلاف ورزی کی گئی ہے ۔ اس کا آپ کے پاس کیا جواب ہے ؟ ممکن ہے ہم نے کچھ فارمل ( Formal ) چیزوں کی خلاف ورزی کی ہو ۔ لیکن میں عوامی آنریبل منسٹرس سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ نے جو بڑے بڑے وعدے کئے تھے کیا وہ جھوٹے تھے ؟

آنریبل شری دگمبر راؤ بندو ( ہوم منسٹر ) مسٹر اسپیکر ۔ سر ....

*Mr. Speaker* : The Hon'ble Member (Shri Deshpande) must resume his seat when another Hon'ble Member is on his legs.

آنریبل شری دگمبر راؤ بندو ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اڈریس میں جو باتیں رفر ( Refer ) کی گئی ہیں انہیں ریفر کیا جاسکتا ہے ۔ لیکن یہاں جو میٹرس ( Matters ) بحث میں آرہے ہیں انکا سلسلہ اررلیونٹ ( Irrelevant ) معلوم ہو رہا ہے ۔

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے ۔ میں اڈریس کے پہلے صفحے کا یہ جملہ پڑھکر سنانا چاہتا ہوں ۔

میں یہ پوچھتا ہوں کہ کیا عوام کے سپنے پورے کردیئے گئے ؟ آپ اسکا جو چاہے انٹرپریٹیشن ( Interpretation ) کرسکتے ہیں ۔ لیکن جو حقیقی صورت حال ہے اور جو خود انہیں کی قرار داد میں ظاھر کیا گیا ہے اسکے لحاظ سے مجھے یہ کہنے کا پورا ادھیکار ہے کہ یہ جملہ غلط ہے ۔ اسطرح نہیں ہوا ۔ یہ عوامی جمہوریت کے خلاف ہے ۔ عوامی خواھشات کے خلاف ہے میں یہ صاف صاف کہہ سکتا ہوں ۔ میں پوری ذمہ داری کے ساتھ یہ کہہ رہا ہوں اور مجھے اسکے بارے میں خیالات کے اظہار کی پوری آزادی ہے ۔

مسٹر سپیکر - اظہار خیال کی آزادی تو حاصل ہے - لیکن اور بھی پائینٹس (Points) ہونگے اس لحاظ سے وقت کو ملحوظ رکھتے ہوئے بحث کو محدود کیا جائے تو بہتر ہے۔

شری وی ۔ڈی۔ دیشپانڈے - دوسرے پائینٹس کے لئے جو ہدایات دیگئی ہیں انہیں ملحوظ رکھونگا لیکن جس چیز کے بارے میں ارریلیونٹ ( Irrelevant ) کہا گیا ہے اس کی نسبت مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ اڈریس کے اس جملے کے لحاظ سے کیا عوام کے چیرشڈ گول ( Cherished goal ) کو پورا کیا گیا ؟ - میں کہونگا اڈریس کی سب سے بڑی خامی یہ ہے کہ اس میں کہیں بھی ایسی خصوصیت نظر نہیں آتی - اور نہ یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مستقبل میں اسبارے میں کوئی کوشش کی جانے والی ہے - سیاسی طور پر اس اڈریس کے بارے میں یہ کہنا پڑتا ہے کہ عوام کی خواہشات کونظر انداز کیا گیا ہے۔ایک کمپرومائزنگ پالیسی (Compromising policy) اختیار کی گئی ہے اور عوام کے سچے خواہشات کو ٹھکرادیا گیا ہے - اڈریس کی یہ سب سے بڑی خامی ہے - دوسری بات جو قابل غور ہے وہ یہ ہے کہ جس شخص نے سالہاسال ہماری مخالفت کی ہے وہی یہاں آکر تقریر کرتا ہے - پولس ایکشن سے پہلے گورنمنٹ آف انڈیا نے ایک وہائیٹ پیپر ( White paper ) شایع کیا تھا جس میں ان مظالم کا اظہار کیا گیا تھا جو یہاں کی جنتا پر ڈھائے جا رہے تھے - ان واقعات کی فہرست دیگئی ہے - میں یہ پوچھتا ہوں اسکی ذمہ داری کس پر ہے ؟

مسٹر اسپیکر - میں آنریبل ممبر کی توجہ رول نمبر (۳۳) کی طرف مبذول کراناچاہتا ہوں جس میں کہا گیا ہے کہ -

33 (1) "The matter of every speech must be relevant to the motion on which it is made.

(2) A member while speaking must not—

(*iv*) reflect upon the conduct of the President as distinct from the Government of India or Governor or Rajpramukh as distinct from the State Government."

اسٹیٹ گورنمنٹ کے بارے میں کہا جاسکتا ہے - راج پرمکھہ کے کنڈکٹ ( Conduct ) کے بارے میں کوئی تقریر نہیں کی جاسکتی۔

شری وی ۔ڈی ۔ دشپانڈے- میں اس زمانہ کے بارے میں کہہ رہا ہوں جبکہ یہ شخصیت راج پرمکھہ نہ تھی - میں اوس زمانہ کا ذکر کررہا ہوں جبکہ وہ حیدرآباد کے رولر ( Ruler ) تھے - اور اوس زمانہ میں آج ٹریزری بینچس (Treasury Benches) پر بیٹھے ہوئے آنریبل ممبرس بھی مخالفت کر رہے تھے - میں سمجھتا ہوں اسطرح اظہار خیال سے آج کے راج پرمکھہ کی بے عزتی نہیں ہوتی - میں یہ بات واضح کردینا چاہتا ہوں - جس طرح آپکے سامنے یہ سوال ہے کہ پیسوں کے سلسلہ میں حکومت ہندکے

سامنے تجویز پیش کریں اسی طرح وزرا کو چاہئے کہ اس مسئلہ کے حل کرنے کی صورت بھی نکالیں - نظام کو راج پرمکھہ بنانا آپکے چیرشڈ گول ( Cherished goal ) کے مطابق نہیں اور نہ آپکے حالات سے موافقت رکھتا ہے - میں یہ کہونگا کہ حکومت ہند کی طرف سے چند چیزوں کے بارے میں قطعی تصفیہ کردیا جائے اور ہمارے وزرا اسے مان لیں اور ایوان کے سامنے رکھیں کہ اس چیز کا تصفیہ ہوچکا ہے اسے منظور کرلیا جائے تو میرے خیال میں یہ ٹھیک نہیں ہوسکتا - میں ایوان سے کہونگا کہ آنریبل ممبرس اپنے حقوق کے بارے میں اچھی طرح سوچیں - اور اسکو محسوس کریں کہ کسی مکمل شدہ چیز کو اسطرح ہمارے ماتھے پر نہیں تھوپا جاسکتا -

آگے چلکر اس خطبہ میں کہا گیا ہے کہ :-

"Not only has law and order been evolved out of the chaos that prevailed in 1948, but the great task of holding free and fair general elections throughout the State has been completed smoothly and successfully, paving the way for the establishment of a fully responsible Government."

یہ کہا گیا ہے کہ یہاں پولس ایکشن کے بعد نہ صرف امن قایم کیا گیا بلکہ ایسے حالات پیدا کئے گئے جنکے تحت عام چناؤ عمل میں لایا گیا - اسطرح سے جو دعوی کیا گیا ہے میں سمجھتا ہوں آج کے منسٹرس کو اس قسم کے دعوے کا کوئی حق نہیں ہے - ہر ملک میں جب عام چناؤ ہوتا ہے تو ہر ملک کا یہ طریقہ ہے کہ ہر پارٹی کو پوری آزادی کے ساتھ الکشن لڑنے کا موقع دیا جاتا ہے - عام رہائیاں عمل میں آتی ہیں - عوام کو یہ موقع دیا جاتا ہے کہ وہ اپنا فیصلہ آپ کریں - اور یہ محسوس کریں کہ کس سیاسی پارٹی کا پروگرام ٹھیک ہے - اور کس کا غلط - لیکن یہ نہیں کہا جاسکتا کہ حیدرآباد ریاست میں چار مہینے پہلے جو چناؤ ہوا اس میں فری اینڈ فیر چانس ( Free and fair chance ) دیا گیا - حیدرآباد کی ایک بڑی پارٹی کمیونسٹ پارٹی - اور تلنگانہ کی سب سے بڑی جماعت آندھرا مہاسبھا پر پابندیاں تھیں اسکے ہزاروں کارکن جیل میں تھے - انہیں سزایاب یا زیر دریافت یا نظر بندوں کی صورت میں جیلوں ھی میں رکھا گیا تھا - الکشن کے ایک ہفتہ پہلے تک بھی پولس ہمیں روکتی تھی - میں خود جس کانسٹی ٹیونسی اپاگوڑہ سے منتخب ہوکر آیا ہوں وہاں میں نے ایک الکشن میٹنگ ارینج ( Arrange ) کی تھی - جسے پولس نے روکدیا - مجھے اس سلسلے میں شیشادری صاحب کو توجہ دلانی پڑی - اور اسکے بعد مجھے میٹنگ کرنے کا موقع ملا - جو ممبرس الکشن کے لئے کھڑے کئے گئے تھے انہیں الکشن سے دس پندرہ روز پہلے چھوڑا گیا - ہمیں صرف چند میٹنگس کا موقع بمشکل مل سکا - اسکے باوجود اگر یہ کہا جائے کہ الکشن فری اینڈ فیر ہوئے ہیں تو ہمیں ڈکشنری میں " فری اینڈ فیر الکشن " (Free and fair election) کے معنے تبدیل کرنے پڑینگے - اگر واقعی فری اینڈ فیر الکشن کیا جاتا تو آج ہمیں یہاں جو پکچر نظر آرہا ہے وہ نظر نہ آتا -

اور آج حکمراں پارٹی جو تھوڑی سی اکثریت میں ھے سکی بجائے مخالفین کی اکثریت ھوتی ۔ لیکن اسکا موقع نہیں دیاگیا ۔ آپ نے آندھرا مہاسبھا اورکمیونسٹ پارٹی پر سے پابندی نہیں اٹھائی ۔ آپ نے پولس کو برخواست نہیں کیا ۔ کانگریسی کارکنوں کی طرف سے آخر تک یہ کوشش کی جاتی رھی کہ چناؤ کے نتیجے کو تبدیل کیا جائے ۔ جسطرح ھٹلر کا طریقہ تھا کہ دوسروں پر الزام لگاکر اپنے کرتوت کو چھپایا جائے ۔ پی ۔ ڈی۔یف پر ھزاروں الزام لگائے گئے کہ انہوں نے ھتیاروں کا استعمال کیا ھے لوگوں کو ڈرایا دھمکایا ھے وغیرہ وغیرہ ۔ اسطرح چناؤکو کامیاب کیاگیا ۔ میں آپکو چیالنج دیتا ھوں کہ اگر آپکا یہی خیال ھے تو آرمس کے بارے میں کھلی تحقیقات کی جائے کہ کس نے آرمس کا استعمال کیا ۔ اس زمانے میں ھوم سکریٹری کی طرف سے یہ تسلیم کیاگیا ھے کہ پی ۔ ڈی ۔ یف کے کارکنوں نے پیسفل ( Peaceful ) طریقے سے کام کیا ھے ۔ لیکن دوسرے کارکنوں نے کیاکیا ؟ اس اڈریس میں یہ کہا جاتاھے کہ فری اینڈ فیر الکشن ھوئے ۔ لیکن میں یہ کہدینا چاھتا ھوں کہ الکشن فری اینڈ فیرنہیں ھوئے الکشن انڈردی شیا ڈو آف فورسس اینڈ بیانٹس ( Election under the shadow of forces and bayonets) اورانڈردی شیاڈوآف پولس کیمپس (Under the shadow of police camps) ھوئے ھیں ۔ عوام ووٹ دینے جانے کےلئے ڈر رھے تھے ۔ انہیں یہ باورکرایا جا رھا تھا کہ یہ جوکیمونسٹ ھیں انہیں ایک دو مہینوں کےلئے چھوڑاگیا ھے ۔ الکشن کے بعد ھمارا راج شروع ھونے والا ھی ھے ۔ اسلئے سوچ سمجھکر رائے دیجئے ۔ ایسے حالات میں الکشن ھوا ۔کیا ایسے ھی حالات کو فری اینڈ فیرکہا جاتا ھے ؟ ھاں اتنا ضرور ھوا کہ ھمارے کامریڈس پر جو مظالم کئے جا رھے تھے انہیں آپ نے روکدیا لیکن میرے پاس پھر رپورٹس ( Reports ) آرھی ھیں جن سے معلوم ھوتا ھےکہ آپکا یہ فیصلہ بھی عارضی تھا ۔ اسکے بارے میں ایک بل بھی پیش ھورھا ھے ۔ میں یہ بھی کہونگاکہ اس زمانہ میں کمیونسٹ پارٹی کی طرف سے تلنگانہ کی جو مسلح جدوجہد تھی اسکو واپس لے لیاگیا ۔ ھمنے وعدہ کیا تھاکہ ھماری طرف سے ایسی کوئی چیز نہوگی جو امن کے خلاف ھو ۔ آپ بھی اپنے کیمپس برخواست کیجئے آپ سے یہ درخواست کی گئی تھی ۔ لیکن آپ نے ایسا نہیں کیا ۔ اسلئے میں یہ کہونگاکہ فری اینڈ فیر الکشن کا دعوی کرنا غلط ھے ۔

اسکے بعد میں آپ کی توجہ خطبہ کے اس حصہ کی جانب مبذول کرانا چاھتا ھوں جس میں یہ کہاگیاکہ آج سے تین سال پہلے یہاں ایک بلڈلس ریولیوشن ( Bloodless Revolution ) آیا ۔

"These years have witnessed a bloodless revolution, consisting of a large number of far-reaching reforms like the abolition of jagirs and other progressive legislation aiming at the betterment of the peasants' lot."

کہا گیا ھے کہ تین سال میں بڑے ریفارمس کئے گئے - جاگیرات ختم کی گئیں - کئی پراگریسیو ( Progressive ) کام کئے گئے اور اسطریقہ سے کسانوں کی حالت سدھر گئی - اس بارے میں یہ کہوں گا کہ کسی بوسیدہ عمارت کو سدھارنے کے دو طریقے ہو سکتے ھیں - ایک تو یہ کہ اسے ادھر ادھر سے ٹیکہ دیکر تھوپ تھاپ کر قائم کردینے کی کوشش کیجائے اور دوسری صورت یہ کہ اسے سرے سے ھی نیست و نابود کر کے وہاں ایک نئی عمارت بنائی جائے - اسی طرح سوچنے کے بھی یہ دو طریقے ہو سکتے ھیں اسی کے پیش نظر حیدرآباد میں انقلاب کے بعد نئے حیدرآباد کی تعمیر پر ھمیں غور کرنا ھے - اس موقع پر میں آپ کی توجہ کانگریس کے اس سشن کی جانب مبذول کراونگا جو سنہ ۱۹۴۷ع میں اودے پور میں ھوا تھا - اس سشن میں کانگریس نے ریاستوں کے مستقبل کے بارے میں ایک پروگرام بنایا تھا - زمین داری اور جاگیرداری کے بارے میں بھی یہ طے کیا گیا تھا کہ کس طرح کسانوں کو زمین دلائی جائیگی - آج بھی آپ یہ کہتے ھیں کہ جاگیرات ختم کردی گئی ھیں لیکن جاگیرات ختم کرنے کے معنی تو یہ ھوتے ھیں کہ انکے وجود سے عوام کو جو تکلیف تھی وہ بھی ختم ھو - ھمیں یہ بات بھی دیکھنی ھے - جاگیرداروں کو عوام سے سالانہ لاکھوں روپیہ ملتے تھے - ھمیں یہ دیکھنا ھے کہ آج بھی انہیں عوام کا پیسہ مل رہا ھے یا نہیں - جاگیرداری کے خاتمہ کو جانچنے کی یہ پہلی کسوٹی ھے - دوسری کسوٹی کے لحاظ سے ھمیں یہ دیکھنا ھوگا کہ جاگیری علاقوں میں جنتا کی جو تکالیف تھیں تعلیم - دواخانہ - سڑکیں اور دیگر ضروریات زندگی میں جو خرابیاں تھیں کیا وہ دور ھوئیں وہاں کی جنتا سے جو تین گنا چارگنا دھارا وصول کیا جاتا تھا کیا وہ اب بھی لیا جارہا ھے یا بند ھوگیا - ان کسوٹیوں پر اگر ھم جاگیرات کو جانچیں تو معلوم ھوگا کہ پولیس ایکشن کے بعد ایسے حالات پیدا ھوگئے تھے جس کے تحت کسان اس کے لئے راضی نہ تھے کہ اپنی گاڑھی کمائی کا ایک بڑا حصہ جاگیرداروں کو دیدیں - ھر جگہ سے اس کی شکایتیں آرھی تھیں کہ جاگیروں کے عوام اب ٹیکس دینے آمادہ نہیں - ایسے زمانے میں جبکہ جاگیرداروں کی کمر خود بخود ٹوٹ وھی تھی کمپنزیشن ایکٹ ( Compensation Act ) آتا ھے - جاگیرداروں کو جبکہ ایک پیسہ بھی نہیں مل رہا تھا آپ کی طرف سے یہ خواھش کیجاتی ھے کہ جاگیرات کا اڈمنسٹریشن ( Administration ) ھمارے ھاتھ میں دیدیا جائے ھم جاگیرات کا معاوضہ دینگے - جس طرح ساھوکار راست قرضہ وصول کرسکنے کے قابل نہو تو وہ کسی دوسرے آدمی سے یہ کہتا ھے کہ تم قرضہ وصول کرو تو میں اسکا ایک حصہ تم کو بھی دونگا بالکل اسی طرح ھماری رولنگ پارٹی ( Ruling party ) نے جس کے ھاتھ میں حکومت ھے جاگیرداروں سے یہ سمجھوتہ کرلیا - جاگیرداروں نے بڑی خوشی سے اس پر رضامندی کا اظہار کیا کہ آپ خرچ لے لیں اور کچھ کم زیادہ کرکے ھمیں دیدیں - اسطرح جاگیرداروں کے لئے جو ٹیکس وصول کرنا ممکن نہ تھا حکومت کی مشنری استعمال کرکے عوام سے وصول کیا گیا اور آپ آج جاگیرداروں کو معاوضہ دیرھے ھیں - ھو سکتا ھے کہ آپ نے اسمیں کمی کی ھو لیکن اسکے معنی تو صاف ظاھر ھو رھے ھیں کہ

جو چیز بالکلیہ ختم ہو رہی تھی اسے آپ نے سمجھوتے کے ذریعہ تھوڑے بہت فرق کے ساتھ پھر قائم کردیا - میں کہوں گا کہ یہ کسانوں کے ساتھ بہت بڑا دھوکا کیا گیا ہے۔ یہ جاگیرداری ختم کرنا نہیں بلکہ اسے سہارا دینا ہے۔

اور کئی باتیں کہی گئیں - جس زمانہ میں ہندوستان پر برطانیہ کا راج تھا وہ جس پالیسی پر عمل کرتے تھے میں سمجھتا ہوں کہ آج ہندوستان میں اسی پالیسی پر عمل کیا جارہا ہے - برطانوی دور میں تین طریقوں سے کام کیا جاتا تھا - پہلا طریقہ ریپریشن ( Repression ) کا تھا - دوسرا ڈویژن (Division) پیدا کرنا - اور تیسرا ریفارمس لانا - اگر ہم موجودہ حالات کا جائزہ لیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حیدر آباد میں ان ہی اصولوں پر عمل کیا جارہا ہے۔ آج حیدر آباد کے عوام نے اور خصوصاً تلنگانے کے باشندوں نے جاگیرداری اور زمین داری ختم کر کے حیدر آباد کو زبانوں کے لحاظ سے الگ الگ تقسیم کرنے کا سوال اٹھایا لیکن آپ نے اسکے دبانے کے لئے پولیس اور ملٹری کو استعمال کرنیکا طریقہ اختیار کیا - پولیس ایکشن کےپہلے عوام میں جو اتحاد تھا اور سب متحد ہوکر ایک محاذ بنا کر نظام شاہی کے خلاف لڑ رہے تھے ان میں سے چند لوگوں کو خدمتیں دیکر عوام کی صفحوں سے علحدہ کرلیا گیا اور اسطرح آہستہ آہستہ پھوٹ ڈالی گئی اور ہزاروں کارکن جو اس ارادے سے آگے بڑھے تھے کہ اس ریاست کو ختم کرکے اپنی جدو جہد ختم کرینگے ان میں انتشار پیدا کیا گیا اور اسطرح وعدے بھی توڑے گئے - برطانوی پالیسی جس کا میں نے ذکر کیا اس کا تیسرا جزو ریفارمس ہے۔ آپ نے بھی چند ریفارمس ہمارے سامنے رکھے - ٹیننسی ایکٹ لایا - لیکن سوال یہ ہے کہ کیا عوام یہی چاہتے ہیں ہم تو یہ کہتے ہیں کہ جس طرح کشمیر میں زمینداری کے مسئلے کو بلا معاوضہ ختم کیا جارہا ہے اسیطرح یہاں بھی عمل کیا جانا ممکن ہے۔ ہمیں بھی کانسٹی ٹیونٹ اسمبلی بنانے کا حق تھا - یہاں نظام کو باقی رکھنے کی بجائے ایک گورنر آف اسٹیٹ ( State ) رکھا جا سکتا تھا - آپ نے معاوضہ کے اصول کو مان لیا اور اسٹیٹ کو لائینگویج بیسس ( Language basis ) پر تقسیم کرنے کے اصول کو چھوڑ دیا اور جو کچھ تھوڑا بہت آپ نے حاصل کیا ہے اسے سب کچھ سمجھتے ہیں - میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ جب جاگیری عوام جاگیرداروں کو ٹیکس ادا کرنے کےلئے آمادہ نہ تھے ایسی صورت میں آپ نے جاگیروں کے معاوضہ کی ادائی کی صورت پیدا کرکے کیا بڑا کام کیا - آج تلنگانے کے قولدار یہ چاہتے ہیں کہ جو زمین میں ہل چلاتا ہے وہی زمین کا مالک ہو۔ زمینداروں نے کئی ہزار ایکڑ اراضی کا پٹہ لیا تھا اور اون کے لئے یہ ناممکن ہوگیا تھا کہ وہ اپنے کاشتکاروں سے لگان وصول کریں - ایسے زمانے میں آپ ٹیننسی ایکٹ لاتے ہیں - اس کی مثال بالکل ایسی ہے کہ جب کچھ روپیے کھوجائیں تو یہ کہاجائے کہ ''کرشنا ارپنا '' ( कृष्णार्पण ) ہوگیا - روپیہ تو کھو گیا ہے۔ کیوں نہ خدا کے نام پر دیدیا جائے - صدیوں کے مظالم سہنے کے بعد جب تلنگانے میں کسان اپنے لئے

زمین حاصل کرتا ہے تو ایسے وقت میں آپ ٹیننسی ایکٹ ( Tenancy Act ) لاتے ہیں آپ یہ تو کہتے ہیں کہ سکیوریٹی آف ٹینیور ( Security of tenure ) دے رہے ہیں لیکن کنجوس آدمی کے ہاتھ سے جس طرح پیسہ نہیں چھوٹتا اسی طرح اس کا بھی وہی حال ہے۔ پرمننٹ ٹیننسی کے لئے آپ نے تین سال کا موقع دیا ہے۔ میں یہ کہوں گا کہ تین سال کے موقع کے کیا معنی ہیں - میں ریو ینیو منسٹر سے دریافت کرونگا کہ کیا آپ کو معلوم ہے کہ اس عرصہ میں کتنے غلط عملیات ہو سکتے ہیں - آپ کو معلوم ہے کہ کتنے نوکر نامے بنائے گئے ہیں میں ایک مثال پیش کرونگا - سرسم ضلع نانديڑ میں ایک زمیندار کے پاس ۳ هزار ایکڑ اراضی ہے۔ اوس نے قولدار کو بیدخل کردیا اور نئے لوگوں سے نوکر نامے مرتب کروالئے - میں نے اس جانب نانديڑ کے کلکٹر صاحب کو توجہ دلائی ہے۔ ہوتا یہ ہے کہ وہاں کے کلکرنی اور پٹواری دیہی رجسٹرات میں تبدیلیاں کردیتے ہیں - آپ کہتے ہیں کہ ہمنے یہ حقوق عطا کئے ہیں لیکن آئے دن جو بے دخلیاں عمل میں آرہی ہیں اور نوکر نامے مرتب کئے جارہے ہیں اس کے لئے آپ نے کیا کیا - ضرورت اس امر کی ہے کہ بڑے بڑے اسٹیٹوں کو ریشنلی ری ڈسٹر بیوٹ ( Rationally redistribute ) کیا جائے لیکن آپ کے ٹیننسی ایکٹ کے تحت ڈھائی سو ایکڑ سے زیادہ زمین جن کسانوں کے پاس ہے - ان سے لینے کی کوئی تجویز نظر نہیں آتی - حکومت کی طرف سے جو پمفلٹ شائع کیا گیا ہے اسمیں اظہار کیا گیا ہے کہ یہ چیز خود بخود ہو۔ ذرایع جو بتائے گئے ہیں اسے میں آپ کے سامنے رکھتا ہوں

"Now, what was to happen to the surplus land that would be released by the enforcement of the Act. To redistribute these lands held by the present owners was not practical politics. There are other practical ways of reducing to reasonable size. These included :

(1) more privileges for protected tenants ;
(2) pre-emption rights for them ;
(3) insistence on personal cultivation by every landholder ;
(4) provision for the Government taking over the management and cultivation of lands that were mismanaged or are not properly cultivated.

It was expected that the interplay of forces released by these measures would lead imperceptibly and gradually but inexorably to a reduction in the size of holdings."

اسطرح سے اس میں بتایا گیا ہے کہ ڈھائی سو ایکر سے زیادہ زمین جس زمیندار کے پاس ہے حکومت لینا نہیں چاہتی - کشمیر میں شاید ٹھیک ہو لیکن حیدرآباد میں اسکی ضرورت محسوس نہیں ہوتی اسطرح سے حیدرآباد کی زمین کا مسئلہ حل نہیں ہوسکتا - اس بات کی ضرورت ہے کہ بغیر معاوضہ کے تھوڑے تھوڑے زمین کے حصے قولداروں اور غریب کسانوں میں تقسیم کرنے پر غور کیا جائے - یہ امر غور کرنے کے قابل ہے کہ

کسی اسٹیٹ کو بغیر معاوضہ کے کسطرح لیا جاسکتا ہے - یہ اسٹیٹس کسطرح آئی ہیں
انکی تاریخی حیثیت کیا ہے - ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ انکی وجہ سے کیا نتائج کسانوں
کو بھگتنے پڑ رہے ہیں - اس پر تنقید کرتے ہوئے پروفیسر گیان چند کہتے ہیں کہ :-

> "Though the plan assumed that all intermediary interest would be abolished before it was brought into operation, it did not take into account the harm that had already been done by the delay which had occurred and was likely to occur in introducing this necessary agrarian change. The whole economy was bound to remain unstable and in a precarious state on account of the failure on the part of the authors of the plan and Government to give this problem its due importance in their scheme for the future."

جب کسانوں کا سوال حل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے تو آنریبل چیف منسٹر کہتے ہیں کہ ہم زمینداروں اور جاگیر داروں کو اکنامیکلی ( Economically ) قتل کرنا چاہتے ہیں - جاگیر داروں کے بارے میں انکے یہ خیالات ہیں ممکن ہے کہ وہ حق بجانب ہوں - ان حالات میں ہم جج ( Judge ) کرسکتے ہیں کہ یہ خیالات کیوں آئے ہیں - کیسے آئے ہیں ؟ انسان اپنے ماحول کا غلام ہے - میں بھی ہوں - اگر زمینات کے معاوضہ پر اصرار کیا جائے تو میں کہونگا کہ غریب محنت کش مزدور اور کسان زمینات کا معاوضہ ۲۰ - ۲۵ سال میں بھی ادا نکرسکیگا اور اسطرح معاوضہ سوال حل نہوسکے تو زمینات کا سوال بھی حل نہوگا - زمین کی قوت پیدایش کے گھٹنے کی بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ زمین کا مالک کاشتکار نہیں ہے - دوسری وجہ جو اہمیت رکھتی ہے وہ یہ ہے کہ کسان کو پیداوار کا ایک بڑا حصہ ساھوکار کو دیدینا پڑتا ہے اسکو اپنا پیٹ پالنے کے لئے تک کچھ نہیں بچتا ایسی صورت میں کسطرح وہ پیداوار کے بڑھانیکی جانب متوجہ ہوسکتا ہے - ہمیں ایسے طریقے سوچنے چاہئیں جن سے پیداوار بڑھائی جاسکے - پہلی چیز یہ ہے کہ لینڈ مارٹ گیج بنک (Land Mortgage Bank) قایم کرنیکی تجویز کی گئی ہے لیکن میں پوچھتا ہوں کہ کیا آج قرضہ لیکر ادا کرنیکی کسان میں صلاحیت باقی ہے - لینڈ مارٹ گیج بنک قایم ہوتو اس کا محدود سرمایہ ہوگا - یہاں تو کروڑوں ایکر اراضی کا سوال ہے - ھندوستان کے کسان کے متعلق کہا گیا ہے کہ -

"He lives by selling his land piece by piece."

ھندوستان کا کسان زندہ رہتا ہے اپنی زمین سے فایدہ اٹھانے کے لئے نہیں بلکہ اپنی زمین کو تھوڑا تھوڑا کرکے بیچنے یا رھن رکھنے کے لئے - رعیت واری اڑاوے میں جب کسان کی یہ حالت ہے تو یہ سمجھنا کہ وہ کمپنزیشن ( Compensation ) دینے کے قابل ہے بنیادی غلطی ہے - مگر آنریبل چیف منسٹر یہ سمجھ رہے ہیں کہ بغیر کمپنزیشن کے جاگیرات حاصل کرنا اکنامک ( Economic ) قتل ہے - کیا مٹھی بھر جاگیردار جنکی تعداد $\frac{1}{4}$ سے زیادہ نہیں ہے ان ھزاروں کسانوں کے مقابلہ میں زیادہ رحمدلی کے مستحق ہیں -

*Mr. Speaker*: The time taken by the Hon'ble Member is three quarters of an hour. The more he speaks, the more he will deprive his colleagues of offering their remarks.

شری- وی- ڈی دیشپانڈے- چونکہ یہ اسٹیٹ منٹ آف پالیسی سے متعلق ہے اسلئے پورے طور پر اپنے خیالات کے اظہار کا موقع مجھے ملنا چاہئے - میں سمجھتا ہوں کہ ارکان ہاؤز مجھے اجازت دینگے تا کہ میں آلٹرنیٹیو ( Alternative ) خیالات کا اظہار کرسکوں - میں نے سنا ہے کہ پارلیمنٹ میں گھنٹوں مباحث کا موقع دیا جاتا ہے-

مسٹر اسپیکر - آپ کو ٹائم لمٹ کرنا ہوگا -

شری وی- ڈی - دیشپانڈے - میں کوشش کرونگا کہ جلد ازجلد اپنے خیالات کو ختم کروں -

میں عرض کرونگا کہ ہمیں اسطرح نہ سوچنا چاہئے کہ کمپنزیشن کے مسئلہ میں ہم جاگیرداروں کے خلاف جا رہے ہیں بلکہ ہمیں اسکے ذرایع تلاش کرنے ہیں کہ کسطرح ایک کسان کو بغیر معاوضہ کے زمین دیجاسکتی ہے - اورکسطرح پیداوار کو بڑھایا جاسکتا ہے جس سے کسان کے پاس بھی کچھ بچ سکے - ظاہر ہے کہ اگر کسانوں کو زمین ملجائے تو وہ اپنا سرمایہ پیدا وار کے بڑھانے پر صرف کرینگے - اسطرح ہندوستان میں اناج اور بیروزگاری کا سوال حل ہوسکتا ہے - اس رجحان کے تحت معاوضہ کے بارے میں سونچا جائے اور اگر کوئی دستوری رکاوٹ آئے تو اس کا اسی طرح حل نکالا جائے جس طرح شیخ عبد اللہ نے کہا ہے-

> "Speaking in the Constituent Assembly today on the motion accepting the recommendation of the Land Compensation Committee to the effect that both on principle and policy, payment to expropriated proprietors was not desirable and directing accordingly that no compensation shall be paid with respect to land from which expropriation had taken place under the Big Landed Estates Abolition Act, Sheik Abdullah, Prime Minister of Kashmir, referred to the various objections raised by the affected landlords against the proposed measure and said "The land hunger of the people is Asia's greatest problem today...It is not our business to see what others do elsewhere or what those who will come after will do in our place. Our duty is to serve the country and the nation as the present times demand."

تو میں امید رکھتا ہوں کہ جسطرح وہاں کے عوام کی مدد سے حکومت کےلئے یہ کام ممکن ہوا اسی طرح یہاں بھی کوئی راستہ نکالا جاسکتا ہے - میں یہ عرض کرونگا کہ یہاں بہت سے آنریبل ممبرس وکلا بھی ہیں اگر ضروری ہی ہوتو دستور کے دفعات کے تحت نامینل کمپنزیشن (Nominal compensation) کی کوئی صورت بھی نکالی جاسکتی ہے - بہر حال ارادے کی ضرورت ہے - اگر ارادہ ہوتو کوئی نہ کوئی صورت نکالی جاسکتی

ہے ۔ اگر آنریبل چیف منسٹر اسمبلی میں کوئی بل ( Bill ) لائیں تو انہیں ان ان تمام امور کے پیش نظر " وتھہ اوٹ کامپنزیشن " ( Without compensation ) یا " نامینل کامپنزیشن " ( Nominal compensation )کے ذریعہ اس مسئلہ کو حل کرنا ہوگا ۔ میرے خیال میں زمین کے مسئلہ کو حل کرنے اور بیروزگاری کو ختم کرنیکا کوئی دوسرا طریقہ بجز اسکے نہیں ہوسکتا ۔ چند آنریبل ممبرس نے یہ فرمایا کہ چند سیاسی پارٹیاں اپنے اغراض کےلئے کسانوں میں زمین کی تقسیم کے سوال کو اکسپلائیٹ ( Exploit )کررہی ہیں ۔ اور ملازمین کی بیروز گاری کے مسئلہ سے بھی فایدہ اٹھارہی ہیں ۔ لیکن میں یہ کہونگا کہ اگر حکومت یہاں کے کسانوں کو زمین اور بیروزگاروں کو روزگار فراہم کرنیکا انتظام کرے تو پھر انکو کسی سیاسی پارٹی سے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ ہم بھی آپکی مخالفت کی کوئی وجہ نہیں رکھتے ۔ میں یہ ماننے کےلئے تیار نہیں کہ کوئی سیاسی پارٹی کسی مسئلہ کو اکسپلائیٹ کرکے اپنا مفاد حاصل کرتی ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ عوام اپنے حقوق منوانے کےلئے پارٹیاں بنا کر آگے بڑھتے ہیں ۔ یہ وہی دلیل ہے جسکے تحت برطانوی حکومت سیاسی پارٹیوں پر الزامات لگاتی رہی ۔ مجھے افسوس ہے کہ آج کوئی سیاسی پارٹی عوام کا کوئی مسئلہ حل کرنیکی کوشش کرتی ہے تو آنریبل ممبرس یہ کہتے ہیں کہ مسئلہ کو اکسپلائیٹ ( Exploit ) کیا جا رہا ہے ۔ آپ خود یہ کہتے ہیں کہ پولیس ایکشن کے بعد گیارہ لاکھ آدمی بیروز گار ہوئے ۔ میرے پاس صحیح تعداد تو نہیں لیکن یہ ضرور کہونگا کہ دیہاتوں میں جو لوگ بیروز گار ہوئے ہیں انکی بھی کافی تعداد ہے اس عظیم بیروزگاری کی ذمہ‌داری کسی سیاسی پارٹی پر ڈالنا اور ایسا زاویہ نظر رکھنا غلط ہے ۔ عوام کی سیوا کرنے والے اور صحیح نمایندگی کرنے والے اس طرح نہیں سوچ سکتے ۔ میرے خیال میں کسانوں میں بغیر معاوضہ زمین کی تقسیم ھی بیروزگاری کے مسئلہ کا واحد حل ہے ۔ اگر کسان کے پاس کافی اناج پیدا ہو تو اسکے ذریعہ سے وہ کافی پیسہ پیدا کریگا اور اسطرح اسکی قوت خرید بڑھیگی اور کارخانوں میں جو مال پیدا ہوتا ہے اسکو وہ خرید سکیگا ۔ اس عمل سے کارخانوں میں اضافہ ہوسکے گا اور اسیطرح دیگر شعبہ جات میں ترقی ہوگی نتیجتا بیروزگاری ختم ہوگی ۔ میں مانتا ہوں کہ اڈریس میں یہ کہا گیا ہے کہ بیروزگاری کو ختم کرنیکی صورت نکالی جائے لیکن اسطرح کہدینے سے کیا ہوتا ہے ۔ باوا آدم سے آج تک ہمارے پاس کئی پوتیاں آئی ہیں صرف کہنے سے یا لکھد ینے سے کچھ نہیں ہوسکتا ۔ میں پوچھتا ہوں کہ اڈریس میں بیروزگاری کے حل کرنے کی کیا صورت بتائی گئی ہے لیکن میں پھر بھی یہی کہوں گا کہ اگر بیروز گاری کا مسئلہ حل کرنا ہے تو کسانوں کو بغیر معاوضہ کے زمین دینا ھی بیروزگاری کے مسئلہ کا واحد حل ہے ۔ آپ کے سامنے صرف یہی ایک راستہ ہے اور اسپر آپ کو گامزن ہوناپڑیگا ۔ میں نے ایوان کا کافی وقت لیا ہے لیکن اور بھی بہت سی چیزیں ایسی ہیں جن پر اظہار خیال کرنا ضروری ہے ۔ جیسے اناج کا مسئلہ ہے ۔ پروکیورمنٹ ( Procurement )

کا مسئلہ ہے۔ اس سلسلہ میں موجودہ حکومت کی جو پالیسی ہے اس سے میں اختلاف رائے رکھتا ہوں اس وجہ سے کہ یہ پالیسی زمینداروں کی مدد کرنے والی ہے۔ معمولی کسان جو ۲۰۔۰ ایکڑ زمین رکھتے ہیں انکے بارے میں پرو کیورمنٹ اسکیم سے متعلق ایڈریس کے صفحہ ۴ پر کہا گیا ہے کہ

"110 thousand tons..........................this year as against 58 thousand tons for the same period last year."

گویا اس سال آپ نے (۱۱۰) ہزار ٹن اناج حاصل کیا ہے اور پچھلے سال آپکو (۵۸) ہزارٹن حاصل ہوا تھا ۔اگر صرف اعداد کے لحاظ سے یہ کہاجائے کہ یہ اسکیم اچھی ہے تو میں کہوں گا کہ پچھلے زمانے میں پولیس کی مدد سے بھی بہت بڑے پیانہ پر لیوی وصول کیجاتی تھی - اس زمانے میں بھی پولیٹیکل پارٹیز ( Political parties ) یہ کہتی تھیں کہ کسان جوکچھ پیدا کرتا ہے وہ اسے خود کافی نہیں ہوتا لہذا اس سے اتنی مقدار میں اناج مانگنا مناسب نہیں۔ بلکہ کوئی لمٹ ( Limit ) لگانی چاھئیے تاکہ سہولت سے کسان ادائی کے قابل ہو۔ اسی اسکیم کے تحت بمبئی پلان یہاں آیا تھا ۔ اس میں خامیاں ضرور تھیں لیکن ساتھ ساتھ ۲۷ من تک اگزمپشن ( Exemption ) دیا گیا تھا ۔ لیک آج ایک روپیہ دھارہ ادا کرنے والے سے بھی کچھ نہ کچھ غلہ لیا جارھا ہے۔ بڑے بڑے زمینداروں کا حساب تو جدا ہے ۔ یہ لوگ تو آج بھی رشوت دیکر چھٹکارا پالیتے ہیں - میں اسکی کئی مثالیں آپکے سامنے پیش کر سکتا ہوں ۔ صورت یہ ہے کہ گھوڑے کا بلیدان نہیں کریں گے - شیر کا بلیدان نہیں کرینگے البتہ بکرے کا بلیدان کرینگے ۔ لہذا میں یہ کہوں گا کہ موجودہ اسکیم پہلے کی لیوی اسکیم سے بھی بدتر ہے۔ آج کی اسکیم بڑے بڑےزمینداروں کے ھتھہ میں ہے اس لئے ہم میں سے بہت سے لوگ پروکیورمنٹ اسکیم سے متفق نہیں ہیں -

اس کے بعد غذا کے مسئلہ سے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ ایک زمانے میں فوڈ کونسل ہوئی تھی - کہا گیا تھا کہ اس میں عوام کے نمایندے لئے گئے ہیں وہ کونسے نمایندے تھے مجھے اس کا علم نہیں ہے ۔ لیکن میں سپلائی منسٹر اور فوڈ ڈپارٹمنٹ سے یہ کہونگا کہ فوڈ کمیٹی میں عوام کے حقیقی نمایندوں کو بھی لیا جائے تاکہ غذا کا مسئلہ صحیح طور پر حل ہوسکے ۔

البتہ میں یہ ضرور عرض کرونگا کہ اس درمیان میں ہم جہاں کہیں سے بھی اناج حاصل کرسکیں زیادہ سے زیادہ اناج حاصل کریں - چاہے وہ ملک امریکہ ہو چین ہو یا روس یا کوئی اور ملک ۔ کم سے کم بھاؤ پر جو بھی ہمیں غلے دے اس سے لے لینا چاھئیے ۔ لیکن ساتھ ساتھ اسکی کوشش کرنی پڑیگی کہ کسان کو زمین دیکر اس مسئلہ کو ہمیشہ کے لئے حل کردیں

ایک آنریبل ممبر نے بجٹ کے دوران میں تلنگانے کے مسئلہ پر ایک بہت بڑی تقریر کی - میں مانتا ہوں کہ انہوں نے بڑے پیمانے پر اپنے خیالات کا اظہار کیا - مجھے انکی تقریر کے بارے میں کچھ کہنا نہیں ہے - لیکن اتنا عرض کرونگا کہ ایوان پر یہ واضع ہوچکا ہے کہ تلنگانے کا مسئلہ کسانوں کا مسئلہ ہے - اور ان مسائل کے حل کے ذریعہ ہی تلنگانے کی جد وجہد کو ختم کیا جاسکتا ہے - لیکن یہ جو کہا گیا کہ :-

" Certain parts of Telangana have become the scene of violent activities by anti-social elements masquerading under different garbs and exploiting the situation created by the proverty of the peasants and workers, the existence of a feudal set up, and a defective administrative system."

میرے خیال میں " ٹوبگ دی کوسچین " ( To beg the question ) کی صورت ہے - تلنگانے میں کسانوں کی غربت کا سوال ہے - اسکی طرف تو توجہ نہیں کی جاتی اور یہ کہا جاتا ہے کہ " اکسپلائیٹ "، کیا جارہا ہے - جب کسان اپنے مسائل کو لیکر آرگنائیزڈ ہوکر آگے بڑھتا ہے تو اسکے مسائل کو حل کرنے کی بجائے پارٹیز پر یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ " اکسپلائیٹ "، کیا جارہا ہے - کیا مسائل کے حل کرنے کے یہی طریقے ہیں ؟ اب میں پانچ سالہ پلان کے بارے میں اظہار رائے کرنا چاہتا ہوں - اکنامک سکشن ( Economic Section ) کے صدر ڈاکٹر گیان چند نے حال ہی میں پٹنہ میں تقریر کرتے ہوئے جن خیالات کا اظہار کیا ہے - انکو پیش نظر رکھتے ہوئے حیدرآباد کے پلان کو دیکھ سکتے ہیں - وہ کہتے ہیں کہ :-

" Any plan of economic development must aim at resolving the economic deadlock in the country by making agriculture and industry reciprocally stimulating and expansive, instead of inhibitive as it was at present. This was the crux of planning and had to be worked out in specific and concrete terms. The five-year plan made no attempt to assess the position in these terms, and apart from stating general principles, left the prospective position as undefined and indefinite as it was today."

کسی بھی اکنامک پلان کو کامیاب بنانے کے لئے ضروری ہے کہ ہمارے کار خانوں اور کھیتوں کی اسطرح پلاننگ کی جائے کہ وہ ایک دوسرے کو آگے بڑھانے میں مدد دے سکیں - لیکن اس پلان میں اس قسم کی گنجائش نہیں رکھی گئی ہے - موجودہ پلاننگ پر نظر ڈالی جائے تو پتہ چلیگا کہ ان امور کی طرف توجہ نہیں کی گئی ہے جنکی زیادہ ضرورت ہے - ہندوستان ایک زراعتی ملک ہے - اگریکلچر اور انڈسٹریز میں جو سمبندھ ہونا چاہئے تھا وہ نہیں ہے - حیدرآباد کے تعلق سے جو پلان آیا ہے اس میں انڈسٹریز کے متعلق ۲ لائین ہیں - سرپور پیپر ملز کے بارے میں کچھ کہا گیا ہے حیدرآباد کی دوسری صنعتوں کا ذکر بھی آیا ہے لیکن کوئی ڈیفینٹ ( Definite ) چیز نہیں آئی - میں آپکو وہ جملہ پڑھکر سناتا ہوں -

" Though necessarily restricted by the emphasis on agricultural development, industrial progress has by all means been indicated. The

productive capacity of three major industries in the State, paper, textile and coal, is to be increased how much, it is not given here."

اسکے علاوہ میں یہ کہونگا کہ حیدرآباد کی انڈسٹریز کو بڑھانیکے بارے میں کچھ نہیں سوچا گیا - یہاں جو سر سلک لمیٹیڈ ھے اسکے اعداد سے پتہ چلتا ھے کہ وہ ان اکنامک یونٹ ( Uneconomic unit ) ھے - اسپر کروڑھا روپیہ خرچ کیا گیا ھے - میرے خیال میں جب یہ ان پروڈکٹیو ( Unproductive ) اور ان اکنامک ھے تو پھر اسکے قیام کی ضرورت کیا ھے - مجھے معلوم ھوا ھے کہ پری پولس اکشن یہ کسی الٹرنیٹیو موٹیو ( Alternative motive ) کے تحت قایم کی گئی تھی - لیکن آج بھی اسپر کروڑھا روپیہ صرف کیا جارھا ھے -

پروفیسر گیان چند نے کہا ھے کہ پانچ سالہ پروگرام میں ھندوستان کی نو آبادیاتی شکل ھے - خام پیداوار کو استعمال کرکے ایک صنعتی ملک بنانے کی جانب توجہ کرنی چاھئے - لیکن پانچ سالہ منصوبے میں یہ کوشش نہیں کی گئی ھے - اس وجہ سے یہ ھوسکتا ھے کہ یہ پلان بیروزگاری کے مسئلہ کو حل نہ کرسکے -

دوسری چیز جو انہوں نے بتائی ھے یہ ھے کہ :

"The plan practically made no provision for the development of heavy industries and on that account left the position fundamentally as weak as steel, shipping and ship-yards-sectors pre-eminently suited for nationalization with state subsidy without indicating the terms on which aid should be given or justifying its necessity."

ھیوی انڈسٹریز ( Heavy industries ) کےلئے ضرورت اسکی ھے کہ کول مائنس ( Coal mines ) ھوں - حیدرآباد میں جو ھائیڈرو الکٹرک پلان ( Hydro-electric Plan ) ھے وہ یہاں کی کول مائنس کی وجہ سے آسانی کے ساتھ روبہ عمل لایا جاسکتا ھے اور کافی صنعتیں بڑھائی جاسکتی ھیں - لیکن اس پلان میں یہ چیز دھونڈھنے سے بھی نظر نہیں آرھی ھے - یہ کہا جائے کہ ھمارے پاس پیسہ نہیں لہذا اس طرف توجہ نہیں دیگئی ھے لیکن میں کہونگا کہ یہاں کے کوئلہ کا جو آوٹ پٹ ( Output ) ھے اسکے لحاظ سے انڈسٹریز قایم کی جاسکتی ھیں - یہ پلان میرے خیال میں بنیادی طور پر کوئی فرق پیدا نہیں کرسکتا - پروفیسر گیان چند نے کہا ھے کہ :-

"The real evil of the managing agency system, Dr. Gyan Chand said, which involved enormous concentration of economic power was hardly recognised and therefore there was no provision for the solution of this urgent problem."

ایک یونین کا صدر ھونے کے ناتے انڈسٹریل ٹرسٹ فنڈ کو نزدیک سے دیکھنے کا مجھے موقع ملا ھے - یہاں چند اشخاص کو ساڑھے بارہ فیصد منافع دیا جاتا ھے - ایسی زیادہ

شرح پر منافع کی تقسیم کی وجہ سے یہاں کے مزدروں کی بہتری پر روپیہ خرچ نہیں کیا جاسکتا - مزدوروں کو بونس سے محروم رکھا جاتا ھے - ناندیڑ اور ورنگل میں جو ملیں چلرھی ھیں انہوں نے کپاس کی خریدی میں ۲۰ لاکھ کا نقصان اٹھایا ھے - اسکی وجہ کیا ھے - یہی کہ ان صنعتوں کے چلانے کا طریقہ صحیح نہیں ھے۔ان افیشینسی (Inefficiency) سے ملس ( Mills ) چلرھی ھیں - میں آنریبل لیبر منسٹر سے کہونگا کہ اسکے متعلق تحقیقات کی جائے - عثمان شاھی ملز اور آعظم جاھی ملز میں سالانہ کئی لاکھ کا فایدہ بتایا جاتا ھے - میں یہ کہونگا یہاں ایجنسی سسٹم کو ساڑھے بارہ فیصد کمیشن دیکر اس طریقہ کو کیوں جاری رکھا گیا ھے - اس سلسلے میں بہت سے صناعوں نے بھی رائے ظاھر کی ھے لیکن پانچ سالہ منصوبہ میں ایسی کوئی چیز نہیں بتائی گئی ھے -

> " There is no plan with regard to trade at all. The fact that our present distributive system is costly, inefficient and wasteful......is again lost sight of."

میں یہ کہنا چاھتا ھوں کہ پانچ سالہ منصوبہ میں جس طرح کوشش کی جانی چاھئے تھی وہ بات نظر نہیں آتی - حیدرآباد کے لئے کوئی ڈفینٹ اسکیم نہیں - پورے ہندوستان کے لئے جو چیز رکھی گئی ھے وھی حیدرآباد کے لئے بھی رکھدی گئی ھے - وقت ھوگیا ھے - چند اور مسائل رہ گئے ھیں میں چاھتا ھوں کہ مجھے کل کچھ اور وقت دیا جائے تو مناسب ھے -

مسٹر اسپیکر - کافی وقت لیا جاچکا ھے - میرے خیال میں اب آنریبل ممبر کو اپنی تقریر ختم کردینی چاھئے - چند اور حضرات کل کے لئے وقت چاھتے ھیں انہیں بھی وقت دینا پڑیگا۔ کل ھم ۱۰ بجے سے ساڑھے بارہ بجے تک بیٹھیں گے یا دوپہر میں بیٹھنا مناسب ھو تو ڈھائی بجے سے ۵ بجے تک - میں سمجھتا ھوں کہ صبح کا وقت ھی زیادہ مناسب ھوگا کیونکہ آفس کے اوقات کی طرف بھی ھمیں دیکھنا ھے اسلئے کل ۱۰ بجے ھم ملینگے اور ضرورت ھوتو دوپہر میں بھی اجلاس رکھا جائیگا - اب ھاؤز برخاست کیا جاتا ھے -

The Assembly then adjourned till Ten of the clock on Saturday the 5th April, 1952.